© rasailojaraid.com

# علماء پنجاب کی تفسیری خدمات

## ( عربی زبان میں )

( ۱ )

ڈاکٹر محمد طفیل

تفسیر عربی زبان کا لفظ ہے ـ جس کا مادہ ف ـ س ـ ر فسر ہے اور جس کے معنی کھول کر بیان کرنے کے ہوتے ہیں چنانچہ لسان العرب میں ہے ـ

" التفسیر کشف المراد من اللفظ المشکل " (۱) ـ

اس علم کو " تفسیر " اس لئے کہتے ہیں کہ اس میں متکلم کا مدعا اس طرح کھول کر بیان کیا جاتا ہے کہ اس میں شک و شبہ کی کوئی گنجائش باقی نہیں ہوتی اس علم کی اصطلاحی تعریف ان الفاظ میں بیان کی گئی ہے ـ

" علم تفسیر وہ علم ہے جس میں احوال قرآن ، من حیث القرآن، بیان کئے جاتے ہیں اور بقدر طاقت بشریہ جو کچھ خدائے پاک کی مراد ہے الفاظ کے ذریعے ظاہر کی جاتی ہے (۲) " ـ

اس علم کا موضوع قرآن مجید ہے اور اس علم کا مقصد معانی و مطالب قرآن کا سمجھنا اور منشائے الٰہی کا جاننا ہے ـ

علماء نے روایتی انداز میں قرآن مجید کی تفاسیر لکھنے کے علاوہ ، قرآن کے علوم و معارف پر مختلف انداز سے ضخیم اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مختصر کتابیں لکھیں ، نیز قرآن فہمی کی خاطر بہت سے علوم ایجاد کئے جن کے ذریعے قرآن کے معانی و مطالب کی صحیح سمجھ غیر عربی دان حضرات کے لئے نہ صرف ممکن ہو گئی بلکہ کافی حد تک سہل بھی ہو گئی ـ مثلاً قرأت و تجوید ، معانی ، بلاغت ، بیان ، صرف و نحو ، خطاطی ، لغت نویسی وغیرہ وغیرہ۔ان سب علوم میں بھی مسلمانوں نے بلند پایہ خدمات سرانجام دی ہیں ـ پنجاب کے علماء نے بھی ان علوم میں اپنا حصہ شامل کیا ہے ـ

قرآن حکیم کی تفسیر و تشریح کا رواج زمانہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی میں شروع ہو گیا تھا ـ اور بہت سے صحابہ کرام سے تفسیری روایات مروی ہیں چنانچہ احادیث کی قریباً سب معتبر کتابوں میں تفسیر قرآن کا باب ملتا ہے ـ تاہم کتابی شکل میں مدون حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی تفسیر „ تنویر المقیاس » کو اولین تفسیر ہونے کا درجہ حاصل ہے ـ

ان کے بعد سے آج تک ہر مکتب فکر کے علماء نے ہر عہد میں ، دنیا کی ہر زندہ زبان میں قرآن حکیم کی تفسیر لکھی ہے ـ اور یہ سلسلہ ہمیشہ جاری رہے گا ـ ہمارے زیر نظر مختصر باب کا موضوع پنجاب کے علماء کی عربی زبان میں تفسیری خدمات کی نشاندہی کرنا ہے پنجاب کے علماء نے اس میدان میں گراں قدر حصہ ڈالا اس لئے آئندہ صفحات میں خطۂ پنجاب کے مفسرین کی عربی تفسیروں کا ذکر کیا جائے گا ـ ایسا کرتے وقت ترتیب زمانی کو پیش نظر رکھا گیا ہے اور ہر اس عالم دین اور مفسر قرآن کا تعارف کرایا گیا ہے جس نے علوم قرآن یا تفسیر کے بارے میں کوئی تصنیف یادگار چھوڑی ہو ـ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



عربی زبان کی اہمیت اور اسلامی علوم میں اس کی افادیت ہمیشہ سے مسلم رہی ہے ۔ مذہبی تقدس کے ساتھ اسے علمی تفوق بھی حاصل رہا نیز دنیا کے تمام مسلمانوں کے مابین یہ رابطہ کی واحد زبان رہی اور اس زبان میں جو کچھ لکھا جاتا اس کی اشاعت سارے مسلمان ملکوں اور آبادیوں میں ہوتی تھی اس لئے جو اہل علم عربی زبان میں تصنیف و تالیف کی صلاحیت رکھتے تھے وہ اسی زبان میں کتابیں لکھتے تھے تاکہ اپنی تصانیف کو علاقائی حد بندیوں سے نکال کر پورے عالم اسلام کے سامنے پیش کر سکیں ۔

عقلی و نقلی علوم کے ساتھ ساتھ تفسیری ادب میں بھی اچھی خاصی تعداد میں کتابیں عربی زبان میں لکھی گئیں۔یہ تفسیری ادب مختلف نقطہ ہائے نظر کے تحت وجود میں آیا۔بعض نے احکام کے استنباط کا خیال رکھا اور ایسی تفاسیر فقہی انداز کی تفسیریں کہلائیں ۔ بعض نے ادبی پہلوؤں پر زور دیا جبکہ کسی نے روایات سلف کو جمع کرنے کی کوشش کی اور کسی گروہ نے تصوف کے نکات کو واضح کرنا اپنا معیار بنایا اور ایسی تفسیریں "صوفیانہ تفسیر" سے موسوم ہوئیں ۔

برصغیر کے تاریخی خطہ پنجاب میں یہ فن کب آیا ؟ سب سے پہلے کس نے اس خطہ میں تفسیر قرآن لکھی؟ اس کی صحیح تعیین کرنا کافی مشکل ہے کیونکہ اس خطہ کے مسلمانوں کی ابھی تک کوئی ایسی تاریخ مرتب نہیں ہو سکی جس میں اس امر کی نشاندھی کی جا سکے کہ سب سے پہلے کون سے مفسر اس خطہ میں آئے اور تفسیری خدمات انجام دیں اور ایسا کوئی تذکرہ بھی میسر نہیں ہے جس میں ترتیب زمانی سے علماء اور ان کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تصانیف کا جائزہ پیش کیا گیا ہو۔ جو تذکرے معروف اور میسر ھیں ، وہ بھی اس نوعیت کی معلومات اور تفصیلات مہیا کرنے سے قاصر ھیں۔

تاھم اتنا معلوم ہو سکا ھے کہ پنجاب میں سب سے پہلے مفسر شیخ اسماعیل لاھوری تھے جو ۴۹۳ میں ہندوستان آئے (۳)۔ انھوں نے پنجاب کے علمی مرکز لاھور میں آنے کے بعد یہاں درس قرآن و تفسیر کا سلسلہ شروع کیا۔ ان کے درس و تدریس اور تفسیر قرآن کا تمام تر سلسلہ زبانی تھا انھوں نے اس موضوع پر کوئی باقاعدہ تصنیفی کام نہیں کیا ، اور غالباً ان کے تلامذہ میں سے بھی کسی نے ان کے تدریسی نوٹ مدون نہیں کئے۔ کیونکہ ان کی کسی تصنیفی یادگار کا علم نہیں ہو سکا حتی کہ وہ لاھور ھی میں ۴۴۸ ھ / ۱۰۵۶ء، میں اپنے مالک حقیقی سے جا ملے (۴)۔

پنجاب میں لکھی گئیں تفسیروں کا جب بھی ذکر کیا جاتا ھے ۔ تو عام لوگوں کا خیال ھوتا ھے کہ ایسی تفسیروں کی تعداد برائے نام ھی ھو گی اور انھیں عربی ادب میں کوئی مقام حاصل نہیں ھو گا۔ حالانکہ ایسا نہیں ھے۔ پنجاب اس میدان میں کسی بھی خطے سے پیچھے نہیں رہا۔ اور اس کام کو متعارف کرانے کے سلسلے میں کچھ کام ھوا بھی ھے جس کے لئے ڈاکٹر زبید احمد کی ابتدائی کوشش

Contribution of India to Arabic literature

خاص طور سے قابل ذکر ھے۔ اس کتاب میں ایک باب برصغیر کے تفسیری ادب کے لئے مختص ھے۔ اس باب میں بشمول پنجاب برصغیر کی ۸۴ کتابوں کا ذکر ملتا ھے جن کا علوم قرآن اور تفسیر سے تعلق ھے۔ ھماری فہرست اس سے مختلف ھے کیونکہ ھم نے نسبتاً

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



چھوٹے خطے پر کام کیا ھے اور اپنے مقالے کو خطۂ پنجاب تک محدود رکھا ھے ۔ تاھم ھمارا خیال ھے کہ یہ فہرست اور بھی طویل ھو جاتی اگر برصغیر کے بہت سے ذاتی کتب خانوں اور شخصی نسخوں تک ہماری رسائی ممکن ھوتی ۔ یہ بات پورے یقین سے کہی جا سکتی ھے کہ بہت سے لوگوں نے قرآن حکیم کی تفسیریں لکھی ھوں گی مگر افسوس کہ وہ اھل علم تک نہ پہنچ سکیں ۔

مختلف ذرائع سے جس صاحب تصنیف مفسر کا پتہ چلتا ھے کہ انھوں نے پنجاب میں پہلی تفسیر عربی زبان میں لکھی وہ ابو بکر اسحاق بن تاج الدین ( م ۷۳۶ ھ ) ھیں آپ حنفی مسلک سے تعلق رکھتے تھے اور ابن التاج کے نام سے مشہور ھیں (۵) ۔ انھوں نے قرآن حکیم کی ایک تفسیر لکھی تھی جس کا نام " جواھر القرآن " رکھا تھا ۔ بعد میں انھوں نے خود ھی اپنی کتاب کا خلاصہ تیار کیا اور اس کا نام " خلاصہ جواھر القرآن فی بیان القرآن " رکھا ، اصل کتاب کا تو پتہ نہیں چلتا البتہ خلاصہ کا ایک نسخہ برلن کے کتب خانہ (۶) میں محفوظ ھے ۔

اس سلسلے میں دوسرا بڑا نام امیر کبیر سید علی ھمدانی کا ھے ۔ ان کی پیدائش ھمدان میں ھوئی اور ۷۸۱ ھ میں اس وقت کے پنجاب اور آج کے کشمیر میں آ کر قیام پذیر ھوئے اور کشمیری کہلائے ۔ ان کا انتقال ۷۸۶ ھ (۷) میں ھوا ۔ انھوں نے علم ناسخ و منسوخ کے بارے میں بھی ایک " رسالہ " تصنیف کیا تھا جس کا قلمی نسخہ انڈیا آفس لائبریری کے علاوہ کہیں نہیں ملتا ھے (۸) ۔

فیضی ( م ۱۰۰۴ ھ ) کی "سواطع الالھام" کو پنجاب کی تفاسیری تصانیف کا ذکر کرتے ھوئے کسی طرح بھی نظر انداز نہیں کیا جا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سکتا ۔ عرب و عجم ہر جگہ اس کا چرچا رہا ہے اس کی سب سے اہم خصوصیت یہ ہے کہ پوری تفسیر صنعت مہملہ یعنی بے نقط الفاظ میں لکھی گئی ہے ۔ جس سے فیضی کی عربی زبان پر قدرت کا اندازہ ہوتا ہے۔ اس صنعت مہملہ کی وجہ سے تفسیر خاصی مشکل اور مبہم ہو گئی ہے لیکن پھر بھی یہ ایک منفرد نوعیت کا کام ہے ۔

پنجاب کی عربی تفسیروں میں سے ایک عجیب و غریب تفسیر حاجی عبدالوہاب بخاری (۹۳۲ھ ) کی ہے اس میں قرآن کریم کی تمام آیات کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی منقبت قرار دیا گیا ہے ۔ اور پوری تفسیر اسی نقطہ نظر سے لکھی گئی ہے ۔ اخبار الاخیار میں اس تفسیر کے بعض حصے نقل ہوئے ہیں ۔ تفسیر البیضاوی اس خطہ کے درسی نصاب میں شامل رہی اس لئے اس کے بہت سے حواشی لکھے گئے ہیں جن میں ملا عبدالسلام ( ۱۰۰۳ھ کا حاشیہ اور عبدالحکیم سیالکوٹی (م ۱۰٦۷ھ) کا حاشیہ بہت اہم اور مفید ہیں ۔ عبداللہ بن عبدالحکیم اللبیب ( م ۱۰۹۳ ھ ) کی تفسیر سورۃ الفاتحہ بھی عالمانہ ہے ۔

آخری دور میں پانی پت کے مشہور مفسر قاضی ثناء اللہ پانی پتی ( م ۱۲۲۵ ھ ) کی تفسیر المظہری بہت بلند پایہ تصنیف ہے ان کے بعد مولانا ثناء اللہ امرتسری ( م ۱۳٦۷ ھ ) نے "تفسیر القرآن بکلام الرحمن " کے نام سے قرآن کی قرآن سے تفسیر لکھ کر پنجاب کے مفسرین میں بلند مقام پایا ۔

## ابن التاج ( م ۷۳٦ ھ )

**جواہر القرآن ۔**

ابو بکر اسحاق بن تاج الدین الملتانی الحنفی ( م ۷۳٦/

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱۳۳۵ ) اپنی کنیت „ ابن التاج „ سے معروف ھیں اگرچہ ان کے حالات زندگی معلوم نہیں ہو سکے تاھم ان کی تالیفات میں سے کچھ ھم تک پہنچی ھیں جن کے قلمی نسخوں کی نشاندھی آلورت (۹) ( Ahlrarrt ) نے اپنی فہرست میں کی ھے ۔

جیسا کہ پہلے ذکر ہوا فاضل مصنف نے „ جواھر القرآن „ کے نام سے ایک تفسیر لکھی تھی جو اب ناپید ھے پھر انھوں نے اپنی تفسیر کا ایک خلاصہ لکھا یہ „ خلاصہ جواھر القرآن فی بیان معانی القرآن „ محفوظ ھے ۔ پنجاب کے علماء نے تفسیر القرآن کا غالباً یہ پہلا خلاصہ تیار کیا ۔ اس کتاب کی زبان عربی ھے لیکن بعض مقامات پر الفاظ کی تشریح فارسی میں بھی کر دی گئی ھے ۔ یہی وجہ ھے کہ سٹوری نے اس کتاب کو اپنی فہرست میں فارسی کتب میں شامل کیا ھے ۔ چنانچہ ڈاکٹر زبید احمد لکھتے ھیں ۔

Mr Storay has included this work in the Quranic Section of its Parsian Literature simply because the author has given the Persian meanings of some Quranic words. It is really an Arabic work in which Arabic has been used as the medium of expression throughout. Only the meanings of some words have also been given in Persian.

ابن التاج نے اس کتاب کے مقدمے میں اپنی ایک اور تصنیف کا بھی ذکر کیا ھے جس کا نام „ جواھر القرآن „ بتایا ھے لیکن اب یہ ناپید ھے (۱۰) ۔

شیخ ابو بکر ابن التاج البکری الملتانی کی نادر کتاب خلاصہ جواھر القرآن فی بیان معانی القرآن زیادہ تر امام غزالی کی کتاب „ جواھر القرآن „ کے مواد پر مبنی ھے ۔ کتاب میں قرآن کریم کے مشکل الفاظ کی تشریح کی گئی ھے ۔

فاضل مصنف نے عربی میں تشریح کرنے کے علاوہ بعض مفردات

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قرآن کے معانی فارسی زبان میں بھی بیان کئے ھیں۔تاکہ اس دور کے فارسی دان اھل علم بھی اس کتاب سے استفادہ کر سکیں۔ مصنف نے معانی الفاظ کے علاوہ فضائل آیات پر بھی گفتگو کی ھے مثلاً بسملہ کی فضیلت بیان کرتے ہوئے یہ حدیث نقل کی ھے۔

«من قال بسم اللہ الرحمن الرحیم مرة لم یبق من ذنوبه ذرة»۔ اس کتاب کے علاوہ ابن التاج کی درج ذیل تصانیف کا پتہ چلتا ھے۔

۱) خلاصه الاحکام لبشرالط الاسلام

۲)الحج و مناسکه ( فقه میں ) بعض کے نزدیک یہ کتاب علم کلام میں ھے۔

۳) نسبة خرقة التصوف ( تصوف میں )

۴) ذکر الذکر الاکبر ( تصوف میں )

۵) مطالب المومنین . اس کا اختصار جامعه پنجاب میں محفوظ ھے۔

وہ فقہی مسلک میں حنفی تھے جس سے اندازہ ھوتا ھے کہ برصغیر میں قرآنی علوم کو متعارف کرانے کے ساتھ فقہ حنفی کو رواج دینے میں بھی ان کا خاصا حصہ ھے ان کا تصوف میں بھی بلند مقام ھے۔

عمر رضا کحالہ نے بھی انھیں مفسر کے ساتھ ساتھ فقیہ قرار دیا ھے (۱۱)۔

## شیخ حاجی عبدالوھاب بخاری ( م ۹۳۲ ھ )

### تفسیر القرآن۔

شیخ جلال الدین بخاری کی اولاد میں سے تھے ان کا پورا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



خاندان بزرگوں اور علماء کا تھا ۔ ان کی ولادت ۸٦۹ ھ میں فاطمہ بنت قطب الدین بن کبیر الدین بن اسماعیل الحسین البخاری کے بطن سے اچ ( اچھ ) (۱۲) میں ہوئی ۔ وہیں پرورش پائی اور تعلیم و تربیت حاصل کی ۔ سید صدر الدین بخاری ان کے استاد اور خسر تھے ۔ ایک مدت تک ان کے ساتھ رہ کر ان سے استفادہ کرتے رہے ۔ حاجی عبدالوھاب بخاری اپنے دور کے بہت اہم بزرگ تھے ۔ ان کا بڑا علمی شہرہ تھا ۔ اپنے استاد کی زندگی میں ان کی اجازت سے حج کے لئے گئے ۔ واپسی پر ملتان میں قیام کیا اور کچھ عرصہ بعد شدائد زمانہ کی وجہ سے سکندر لودھی کے عہد میں دھلی آگئے (۱۳)۔ یہاں عبداللہ بن یوسف قریشی سے کسب فیض کیا اور دوسری بار حج کے لئے گئے ۔ واپس آ کر پھر دھلی میں قیام کیا اور آخر تک یہیں رہے اور تبلیغ دین و علم میں مشغول رہے ۔ سکندر لودھی ان کا معتقد تھا اور بہت تعظیم و تکریم کرتا تھا (۱۴)۔

انھوں نے قرآن کی ایک عجیب و غریب تفسیر لکھی ھے ۔ اس کی تصنیف انھوں نے اوائل ربیع الثانی ۹۱۵ ھ میں شروع کی اور تقریباً چھ ماہ کی مدت میں ۱۷ شوال ۹۱۵ ھ کو مکمل کر لی (۱۵) اس میں انھوں نے تمام مطالب قرآن اس انداز سے بیان کئے ھیں گویا سارا قرآن پاک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح و منقبت میں ھے ۔ نزھۃ الخواطر میں ھے ۔

" تقریباً تمام مطالب قرآن کو مناقب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا انداز دیدیا ھے ۔ اور اس میں دقائق و اسرار محبت بیان کئے ھیں شاید انھوں نے اسے غلبہ حال میں لکھا ھے ۔ کیونکہ انھوں نے جو امور ذکر کئے ھیں ان میں سے اکثر صحیح معلوم نہیں ھوتے " (۱٦)۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس کتاب کا کوئی نسخـــہ غالباً اب کہیں دستیاب نہیں ھے ۔ البتہ اس کے بعض اجزاء شیخ عبدالحق محدث دھلوی نے اخبار الاخیار مـیں نقل کئے ھیں ۔ اس کے علاوہ ابتدائی دو تین سطریں معارج الولایہ ( قلمی ) میں بھی موجود ھیں ۔ جس میں انھوں نے لکھا ھے ۔

" ایک رات مـیں عـــقل مند مجنونوں کے سردار اپنے مرشد عبداللہ بن یوسف قریشی کی خدمت میں حاضر تھا اللہ نے جو انھیں بنایا تھا ۔ وہ مجھے بنا رھے تھے (۱۸) ۔ جب وہ مشاھدے کی کیفیت بیان کرنے لگے تو فرمایا یہ علم احاطہ تقریر مـیں نہیں آ سکتا ، لیکن جب تحصیل و طلب رشد کا جذبہ صادق ھوتا ھے تو اسکی طرف رھنمائی کی جاتی ھے " (۱۹) ۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے لگاؤ کی یہ وجہ بیان کی گئی ھے کہ ایک دفعہ سید بخاری اپنے استاد صدر الدین کے پاس بیٹھے ھوئے تھے تو انھوں نے استاد کو کہتے ھوئے سنا کہ

" دنیا میں تمام نعمتوں سے بڑھ کر دو نعمتیں مـــوجــود ھیں ۔ لیکن لوگ ان کی قدر کونہیں جانتے ۔ اور نہ ان کے حصول کے لئے جدوجہد کرتے ھیں بلکہ ان کے حصـول سے غافل ھیں ۔ ان میں سے ایک نبی اکریم صلی اللہ عـــلیہ وســـلم کا وجود مبارک ھے جو کہ مدینہ میں حالت حیات میں موجود ھے ۔ دوسری نعمت قرآن مجید ھے، جو کلام پروردگار ھے ۔ اور اللہ تعالی اس کے ذریعے براہ راست اپنے بنـــدوں سے کلام کر رھا ھے ۔ لیکن مخـــلوق اس سے بھی غافل ھے " (۲۰) ۔

استاد سے اتنا سننے کے بعد ان کو زیارت مدینہ منورہ کا شوق ھوا اور اپنے استاد سے اجازت لے کر زیارت حرمین کے لئے چلے گئے ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سلطان لودھی کے عہد میں واپس آئے اور دھلی میں قیام پذیر ھو گئے
شیخ عبدالحق نے اخبار الاخیار میں سورہ مریم ، سورہ طٰه ، سورہ انبیاء ، اور سورہ حج کی تفسیر سے منتخب حصے نقل کئے ھیں فاضل مفسر کی رائے میں سورہ مریم کی تفسیر میں کھیعٓص کے ذریعے سید المرسلین صلی اللہ علیه وسلم کو خطاب کیا گیا ھے ۔ اسی طرح انھوں نے دوسری سورتوں کی بھی تفسیر کی ھے ۔ اگــر اس تفسیر کا مکمل نسخه میسر ھوتا تو اس کا صحیح اندازہ ھو سکتا تھا که اپنی طرز کے منفرد مفسر کہاں تک اپنے مقصد میں کامیاب رھے ھیں ؟

به ھر حال اتنا ضرور کہا جا سکتا ھے که جب انھوں نے مکمل قرآن مجید کو نعت رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم قرار دیا ھے تو اس نظریے کو ثابت کرنے میں ضرور کوئی انوکھا انداز اختیار کیا ھو گا ۔ ظاھر ھے که ایسی صورت میں صحت مطالب کا کتنا امکان ھے ؟ جس میں ان کا عشق نبوی اور اس باب میں ان کی والہانه عقیدت اور نکته سنجی قابل قدر ھے ۔ شاہ عبدالعزیز رحمة اللہ علیه کے ملفوظات میں بھی ان کا اور ان کی تفسیر کا ذکر ھے ۔ شاہ صاحب نے ان کا عرف "مچھی روئی" لکھا ھے (٢١) ۔ ان کے الفاظ ھیں "عبدالوھاب بخاری مشہور به"مچھی روئی" جس سے شاہ عبدالعزیز کی نظر میں ان کا مقام متعین ھوتا ھے ۔

مولانا مناظر احسن گیلانی ان کے بارے میں لکھتے ھیں ۔ "میں سمجھتا ھوں که عوام میں ان کے اس کام نے بڑی اھمیت حاصل کی ھو گی که سارا قــرآن مجید پیغمبر کی نعت ھے ۔ عــام مسلمانوں کے لئے بڑا دلکش فقرہ ھے ۔ میں نہیں جانتا ھوں که ھندوستان کے سوا قرآن مجید کی ایسی تفسیر کہیں اور لکھی گئی ھو" (٢٢)۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یقینی طـور پر یہ اپنی نوعیت کا پہلا کام ھے اور ان کے بعد کسی اور نے غالباً ایسی تفسیر نہیں لکھی اور اس کے اتنے ھی حصے ملتے ھیں جن کا اوپر ذکر کیا گیا ھے ـ مکمل تفسیر کے بارے میں کتب حوالہ خاموش ھیں ـ

## سعداللہ بنی اسرائیل ( م ۱۰۰۰ ھـ )

### شرح جواھر القرآن للغزالی ـ

لاھور میں آج کل جس جگہ لنڈا بازار شہید گنج اور سلطان کی سرائے واقع ھیں ـ شہنشاہ اکـبر کے زمـانہ میں یہ علاقہ"خاص کہلاتا تھا یہاں ایک بزرگ سعد اللہ بنی اسرائیل درس دیا کرتے تھے اھل لاھـور کے دلوں میں ان کا بہت احترام تھا ، بدایونی کے مطابق لوگ آپ کو اپنے وقت کا ولی سمجھتے تھے (۲۳) ـ

شیخ سعد اللہ بنی اسرائیل کے والد مولانا فتح اللہ دانشمند تھے ـ آپ نے اکثر علوم اپنے والد سے حاصل کئے۔جب وہ فوت ھو گئے تو عـلم کی تکمـیل و تسکین کے لئے آپ دیپالپور تشریف لے گئے۔یہاں آپ شیخ بایزید کے درس میں شریک ھوئے وھاں (۲۴) سے سند فضیلت حاصل کر کے واپس لاھور آئے اوز درس و تدریس کا مشغلہ اختیار کیا۔ اس دوران میں آپ نے شیخ اسحاق کاکو کے ھاتھ پر بیعت کی ـ

آپ بہت سی تصانیف کے مالک ھیں جن میں امام غزالی کی مشہور کتاب جواھر القـرآن کی شرح خاص طور پر مشہور ھے کیونکہ آپ امام غزالی ( م ۵۰۵ ھـ ) سے بہت متاثر تھے (۲۵) ـ اکبر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بادشاہ آپ کی شہرت علمی سے متاثر تھا ملا بدایونی نے آپ کے بارے میں لکھا ہے ۔

" مجھے آپ سے پہلی مرتبہ لاھور میں ملنے کا اتفاق ھوا ۔ میں نے آپ سے ملتان کی ویرانی اور لاھور کی آبادی نیز ملتان کے سلاطین ، خاص کر سلطان حسین لنگاہ کے بارے میں کچھ سوالات پوچھے آپ نے ان سوالوں کا جواب بڑی فصاحت و بلاغت سے دیا ۔ مجھ پر ان کا بڑا اثر ھوا"۔ بدایونی کے الفاظ یہ ھیں ۔ " فقیر مرتبہ اول در لاھور ملازمت او کردم ۔ بتقریبی قضیه ویرانی ملتان و آبادی لاھور و قضیه سلاطین لنگاہ خصوصاً سلطان حسین را چنان تقریر کرد که در حسن ادا و فصاحت عبارت و تنقیح آن متعجب ماندم " (٢٦)۔

بدایونی کے قول کے مطابق آپ تقریباً اسّی برس کی عمر میں فوت ہوئے مگر صاحب مراۃ العالم کا بیان ھے کہ لفظ " ذکر " سے ان کا سن وفات نکالا گیا ھے جو کہ ۹۲۱ ھ بنتا ھے ۔ آپ کی عمر کا حساب لفظ " حکیم " سے لگایا جاتا ھے یعنی آپ کی عمر ۷۸ برس تھی اس حساب سے آپ ۹۹۹ / ۱۵۹۰ یا ۱۰۰۰ ۔ ۱۵۹۱ میں فوت ہوئے ۔ شہر کے چھوٹے بڑے ھر فقه اور ھر خیال کے لوگ آپ کے جنازے میں شریک ہوئے (٢٧)۔

شرح جواھر القرآن تک انتہائی تفحص کے باوجود رسائی نہیں ہو سکی ۔ البتہ صاحب الثقافۃ الاسلامیہ فی الہند نے بھی ان کی اس شرح کا ذکر کیا ھے (٢٨)۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

# ابو الفیض فیضی ( م ۱۰۰۴ ھ )

## سواطع الالہام ۔

کحالہ نے ان کا پورا نام فیض اللہ لکھا ھے اور بتایا ھے کہ یہ فیضی کے نام سے معروف ھیں ۔ آپ مفسر قرآن کے علاوہ عربی فارسی کے ادیب بھی تھے ۔ عربی میں ان کی تفسیر کے علاوہ " موارد الکلم " نامی کتاب بھی ھے جو ابھی تک طبع نہیں ھوئی (۲۹) ۔

یوں تو فیضی کی شہرت فارسی شاعری کی وجہ سے ھوئی ھے لیکن ان کی عربی کی صلاحیت بھی غیر معمولی تھی اور اس کا ایک زندہ و جاوید ثبوت ان کی تفسیر " سواطع الالہام " ھے ۔ فیضی نے یہ تفیسیر غیر منقوط الفاظ میں لکھی ھے ۔ جسے ادب کی اصطلاح میں " صنعت مہملہ " کہتے ھیں ۔ عربی زبان میں اس قسم کی تصنیف ایک غیر معمولی صلاحیت اور کارنامہ سے کم نہیں ھے ۔ اور پھر پورے قرآن کی تفسیر جو کہ مختصر نہیں بلکہ بڑی تقطیع کے سات سو مطبوعہ صفحات پر مشتمل ھے ۔ فیضی نے اس اھم کام کو بہت تھوڑی مدت میں مکمل کر لیا تھا ۔ مولانا غلام علی آزاد اس تفسیر کے سلسلے میں لکھتے ھیں " برھان فضیلت شیخ فیضی را سواطع الالہام تفسیر بےنقاط است کہ درین ھزار سال پیشتر ھیچ مستعدی را میسر نہ شد ۔ طرفہ ایں کہ ایں چنیں کار دشوار در عرصہ دو سال از مبدء بہ منتہی رسانید " (۳۰) ۔ علامہ شبلی لکھتے ھیں ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سواطع الالہام یعنی تفسیر غیر منقوط ۱۰۰۳ ھ میں تمام ہوئی کل مدت تصنیف دو اڑھائی برس ہے۔ اس تفسیر پر فیضی کو بڑا ناز تھا۔ اس تفسیر کی تکمیل کے بعد اس نے اپنے دوستوں کو جو خطوط لکھے ہیں۔ ان میں اکثر فخر سے اس کا تذکرہ کیا ہے۔ اکبر تو فیضی اور ابو الفضل سے خوش تھا۔ لیکن دربار کے دوسرے مذہبی لوگ، جو خود اکبر کی بےاعتدالیوں سے پریشان تھے۔ ان دونوں بھائیوں سے بھی برگشتہ ہو گئے تھے اور ان لوگوں کے ہر کام کو معیوب نظروں سے دیکھتے تھے۔ فیضی شروع میں چونکہ مذہبی امور میں بہت آزاد خیال تھا۔ اس لئے لوگوں کی نظر میں بےدین اور لامذہب سمجھا جانے لگا تھا۔ جس کا اظہار بھی اس دور کے لوگوں نے جا بجا کیا ہے۔ خاص طور سے ملا عبدالقادر بدایونی اس بارے میں پیش پیش رہے ہیں۔ اس لئے جب فیضی نے اپنی تفسیر مکمل کی تو لوگوں نے اس کے خلاف طرح طرح کی باتیں پھیلائیں۔ ملا بدایونی لکھتے ہیں "تفسیر بےنقط برائے شستن بد نامی کہ تا روز جزاء بصد آب شستہ نگردد۔ در عین حالت مستی و خباثت می نوشت و سگان آن را از ہر طرف پامال ساختند" (۳۱)۔

اس کے علاوہ بھی طرح طرح کے الزامات عائد کئے گئے۔ لیکن تفسیر دیکھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ سب باتیں بےبنیاد اور محض دربار دشمنی اور معاصرانہ چپقلش پر مبنی ہیں۔ فیضی اگر چاہتا تو تفسیر میں اپنی آزاد خیالی قائم رکھتا۔ اور کلام اللہ کے معانی و مطالب کو الٹ پھیر کر بیان کر دیتا۔ لیکن اس نے ایک جگہ بھی ایسا نہیں کیا۔ محمد حسین آزاد نے لکھا ہے۔

"زبانی باتوں میں ملا صاحب جو چاہیں کہیں مگر نفس مطالب

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں جب نہ اب کوئی دم نہیں مار سکتا ورنہ ظاہر ہے کہ وہ بےدینی اور بدنفسی پر آ جاتے تو جو چاہتے لکھ جاتے ۔ انہیں ڈر کس کا تھا(۳۲)

فیضی کی علمی دیانت کا ذکر علامہ شبلی نے ان الفاظ میں کیا ہے ۔

” فیضی نے یہ تفسیر ان واقعات کے بعد لکھی لیکن ایک ذرہ برابر بھی مسلمان کی راہ سے نہیں ہٹا ۔ حالانکہ تفسیر میں ہر قدم پر اس کو آزاد خیالی دکھانے کا موقع حاصل تھا ملا صاحب تو فرماتے ہیں کہ وہ تمام عقائد اسلام کا منکر تھا لیکن وہ ان تمام عقائد کا معترف تھا ۔ جن کو معتقدات عوام کہتے ہیں ۔ سچ تو یہ ہے کہ فیضی کی مذہبی آزادی ، ہم جو کچھ سنتے ہیں زبانی سنتے ہیں ۔ تصنیفات میں تو وہ ملائے مسجد نظر آتا ہے “ (۳۳)۔

ملا بدایونی کا بھی عجب معاملہ ہے ۔ کہاں تو فیضی اور اس کی تفسیر کی اتنی مخالفت اور اتنی برائیاں بیان کرتے ہیں اور دوسری طرف خود اس کی تاریخیں کہتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں اور تقریظیں لکھتے ہیں ۔

” فقیر من احسن التفاسیر ۔ بسم اللہ الرحمن ۔ علم القرآن تاریخ یافت و توقیعی نوشت انشاللہ بتقریبی در محل خود مذکور گردد “ (۳۴)

علامہ شبلی ایک جگہ ملا بدایونی کے تمام خیالات کو بےبنیاد ثابت کرتے ہوئے لکھتے ہیں ۔

” ملا صاحب اور ان کے تمام پیروؤں نے متفقا فیضی کو ملحد ، بے دین ، زندیق اور کافر لکھا ہے ۔ ملا صاحب نے یہ بھی لکھا ہے کہ فیضی ان کے وقت کتوں کی طرح بھونکتا تھا ۔ اور اس کے ہونٹ سیاہ ہو گئے تھے ۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ لوگ فیضی کے رتبے کو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سمجھ نہیں سکتے تھے ۔ وہ جو حکیمانہ خیالات ظاہر کرتا تھا ان لوگوں کو الحاد و زندقہ نظر آتا تھا (۳۵)۔

فیضی کے تعلقات شیخ عبدالحق محدث دھلوی سے بھی بہت خوش گوار تھے ۔ دونوں بے تکلف تھے ۔ لیکن جب شیخ مکہ معظمہ سے واپس ہوئے تو معلوم ہوا کہ فیضی کے خیالات میں تبدیلی آ چکی ھے ۔ اور انھوں نے فیضی سے قطع تعلق کر لیا ۔ فیضی کو شروع میں اس کا اندازہ نہ ہو سکا ۔ اس لئے جب شیخ صاحب حج سے واپس ہوئے تو فیضی نے ان کو خط لکھا ۔ اور ملاقات کے شوق کا اظہار ان الفاظ میں کیا ۔

„ اگر بال و پر می داشتم ھر روز زیر بام آن حجرہ می نشستم و دانہ چنیں نکات محبت می شدم „ (۳٦)۔

ایسا معلوم ھوتا ھے کہ شیخ دھلوی فیضی سے بہت خفا تھے ۔ اس لئے انھوں نے فیضی کو اس قسم کا کوئی موقعہ نہیں دیا کہ فیضی ان سے اپنا رابطہ دوبارہ استوار کر سکتا ۔ یا ان کی خدمت میں حاضر ھو کر اپنی پوزیشن کی وضاحت کر پاتا تاکہ دونوں کے تعلقات خوش گوار ھو سکتے ۔

صاحب نزھۃ الخواطر نے شیخ عبدالحق کی رائے اس طرح پیش کی ھے کہ „ وہ اپنے زمانے میں فصاحت و بلاغت اور متانت و صیانت میں منفرد تھا ۔ لیکن کفر و ضلالت کے غبار میں گر جانے کی وجہ سے اس کی پیشانی پر رذالت اور انکار و ادبار کے نقوش نمودار ھو گئے تھے ۔ اس بناء پر اھل دین و ملت اور محبین نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس کا اور اس کے متعلقین کا نام سننے میں عار سمجھتے تھے ۔ اگر یہ لوگ مسلمان ھیں تو اللہ انھیں معاف فرمائے ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



لیــکن ان باتوں کا اثر اس کی تفسیر میں کہیں نظر نہیں آتا (۳۷)"۔

فیضی نے اپنی تفسیر کی ابتداء یوں کی ھے ۔"اللہ لا الہ الا ھو لا اعلمہ ما ھو۔ وما ادرکہ کما ھو۔ احامد المحامد و محامد الا حامد اللہ معہ لوامع العــلم و ملھم ســواطع الالھــام (۳۸)"پھر آگے چل کر دعا مانگی ھے کہ خدایا اس کام کو آسان فرما دے ۔ اس کے بعد اپنی تعلیم و تربیت کا ذکــر کیا ھے ۔ آگے چل کر اپنے مولد آگرہ کا تذکرہ کیا اور اس شہر کی بہت تعریف لکھی ھے ۔ علمــاء کی مجلسوں ، مدرسوں ، مسجدوں اور دوسرے عبادت خانوں کا ذکر خاص طور سے کیا ھے ۔ اس کے بعد بادشاہ کی تعــریف بھی تحریر کی ھے ۔ بادشاہ اکبر کا نام اور مناقب اسی صنعت بے نقط میں عجیب معمائی انداز میں تحریر کئے ھیں ۔

فیضی نے اس تفسیر کو لکھنے سے پہلے مشق کے طــور پر "موارد الکلم " بھی بے نقط لکھی تھی ۔ یہ کتاب اخلاق کے موضوع پر ھے خــود اپنی اس تصنیف کی طرف بھی ابتدائیہ میں اشارہ کیا ھے ۔ اس کے بعد اپنی تفسیر کے متعلق لکھا ھے کہ کیونکر یہ خیال ان کے ذھــن میں پیدا ھوا اور اس کا ان کے والد پر کیا اثر ھوا ، لکھتے ھیں کہ " ان کے والد اس سے بے حد خوش ھوئے اور ان کو دعائیں دیں " ۔ بہت ھی تھوڑے عرصے میں یہ تفسیر لاھور میں مکمل ھو گئی ۔ اس تفسیر میں فیضی نے جو انداز اختیار کیا اس کے متعلق مقدمہ میں خود تصریح کی ھے ۔

" خدا معلوم لوگوں نے کس طرح سے فیضی کو بے دین اور ملحد ثابت کر دیا ھے اپنی تصــانیف میں کسی جگہ بھی وہ ایسا نہیں لکھتا ھے ۔ اگر اس کو ملحد و بے دین ھی رھنا ھوتا تو وہ قرآن کریم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی تفسیر کیوں لکھتا ! اور اگر تفسیر ھی لکھ رھا تھا تو پھر اپنی من مانی باتیں کہتا اور آیات اللہ کی تاولین اپنے عقیدے کے مطابق کرتا اور اس نے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت اور منقبت سے بھی گریز کرتا لیکن اس نے کہیں بھی ایسا نہیں کیا ۔ بلکہ اس نے انبیاء علیہم السلام کے بارے میں لکھا ھے ۔

"اللہ واحد اصــل مقصود ھے ۔ اس نے اصلاح عالم کے لئے رسول بھیجے ۔ ان میں پہلے حضرت آدم علیہ السلام اور آخری محمد صلی اللہ علیہ وسلم جو اکمل ارسل ھیں ۔ آپ سب سے بڑھ کر عــلم و کمال والے اور نہایت معزز ۔ لواء الحمد قیامت کے دن انہیں کے ھاتھ میں ھو گا اور وہ صاحب مقام محمود ھیں " ۔

اس کے بعد آگے چل کر قرآن حکیم کی وسعت کے بارے میں لکھا ھے کہ کلام اللہ ایک بحر ناپیدا کنار ھے اسکے بعد نزول قرآن ، جمع و تدوین قرآن ، تعداد سور، تعداد آیات ، اسمائے قرآن ، تلفظ حــروف، محکم و غیر محــکم آیات اور حروف مقطعات وغــــیرہ کا بڑی تفصیل سے نہایت عالمانہ انداز میں ذکر کیا ھے ۔

مقدمہ جو فصلوں میں منقسم ھے خاصا بسیط ھے ۔ دوسرے حصہ میں علوم قرآنی کا مفصل ذکر ھے ۔ ان دونوں کو بھی الگ الگ ابواب میں تقسیم کیا گیا ھے ۔ اور ھر باب کا نام " ساطعہ " رکھا ھے ۔ بعض ساطعہ بہت مختصر چند سطر کے ھیں جبکہ بعض دوسرے خاصے طویل، تیس تیس سطروں کے ھیں ۔ مقدمے کے آخر میں ایک نظم بھی لکھی ھے اس میں بھی صنعت مہملہ کا التزام قائم رکھا ھے ۔

تمام سورتوں کا شان نزول بھی بیان کر دیا ھے ۔ اس سے یہ اندازہ ھوتا ھے کہ پــورے واقعات پر اس کی گہری نظر تھی جس کی طرف

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مختصراً اشارہ کر دیتا ھے ۔ اسی طرح کسی سورت کے مکی اور مدنی ھونے کا بھی ذکر کیا ھے ۔ جب کسی سورت کو مدنی کہنا ھوتا ھے تو لکھتے ھیں ۔ " موردھا مصر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم " اور مکی کہنا ھوتا ھے تو " موردھا ام الرحم " اسی طرح تمام سورتوں کا شروع میں تعارف کرا دیا ھے اور متعلقہ واقعات کا ذکر اختصار سے کیا ھے ۔ مگر بے نقط الفاظ کا التزام کرنے کی وجہ سے اظہار مطالب میں بڑی محنت کرنی پڑتی ھے ۔ اسکے سبب قاری کے لئے اس کا سمجھنا کافی مشکل اور بعض اوقات ناممکن ھو جاتا ھے ۔

اسی انداز سے انھوں نے سارے کلام اللہ کی تفسیر کی ھے ۔ عبارتوں میں اختصار کو ملحوظ رکھا ھے ۔ انھوں نے معانی و مطالب کو سہل انداز سے بیان کرنے کی کوشش کی ھے ۔ لیکن چونکہ تفسیر سے زیادہ صنعت گری پیش نظر رھی ھے ۔ اس لئے اس کو سمجھنا خاصا مشکل ھے ۔ فیضی کلام اللہ کے اس معجزے کو بھی دکھانا چاھتا تھا کہ اس کو سمجھنے اور سمجھانے کے لئے مختلف انداز اختیار کئے جا سکتے ھیں۔ حتی کہ اس کی تفسیر غیر منقوط الفاظ میں بھی لکھی جا سکتی ھے ۔ اس کے علاوہ عربی زبان میں اپنی قدرت کا بھی ثبوت دینا چاھتا تھا ۔ اس لئے اس نے قصداً تفسیر غیر منقوط لکھی ۔ ظاھر ھے کہ جب الفاظ کا سرمایہ محدود ھو تو الجھاؤ پیدا ھونا قدرتی بات ھے ۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ یہ کلام مہمل اور بے معنی ھے اور اس میں مفہوم لفظوں کی بازی گری میں بالکل گم ھو کر رہ گیا ھے ۔ ایسا نہیں ھے ۔ جس مقام سے بھی اس تفسیر کو پڑھا جائے مطلب سمجھ میں آ جاتا ھے ۔ فیضی نے جس وقت یہ تفسیر مکمل کی تھی اس

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وقت بھی زبان یا مطالب پر کسی نے اعتراض نہیں کیا تھا بلکہ قابل اعتراض بات یہ سمجھی گئی تھی کہ آخر تفسیر بےنقط ھی کیوں لکھی جائے۔

فیضی کی تفسیر سات سو سے زائد صفحات پر مشتمل ھے۔ اس میں کہیں بھی کوئی قابل اعتراض بات دکھائی نہیں دیتی۔ اکبری دربار میں جبکہ دربار کا رنگ غیر مذھبی تھا۔ فیضی کا اس تفسیر کو لکھنا کوئی معمولی بات نہ تھی۔ ممکن ھے کہ یہ اس کا مذھبی جذبہ رھا ھو۔ جس کے لئے اس نے یہ کام کر ڈالا۔ اگر اس تفسیر سے اسے دنیوی فائدہ یا درباری رتبہ یا بادشاہ کا تقرب حاصل کرنا ھوتا تو اس نے حالات کے پیش نظر اس قسم کی باتیں لکھی ھوتیں۔

فیضی نے تفسیر لکھنے کے بعد اس کے نسخے مختلف ملکوں کے علمائے کرام کے پاس بھیجے تھے۔ اور روایتوں سے پتہ چلتا ھے کہ سب نے اسے پسند کیا تھا۔ کسی نے بھی کوئی اعتراض نہیں اٹھایا تھا اس زمانے کے متعدد بڑے علماء نے تقریظیں لکھی تھیں۔ جو اس تفسیر کے آخر میں اسی دور سے شامل ھیں۔ ان علماء میں محمد حسین اَلمشہور بہ الشامی، مولانا محمد یعقوب صرفی کشمیری، قاضی نور اللہ شوستری اور امان اللہ بن غازی سرھندی وغیرہ کے نام شامل ھیں۔

بعض روایتوں سے یہ بھی معلوم ھوتا ھے کہ حضرت مجدد الف ثانی (۳۹) رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس تفسیر کی تیاری میں فیضی کی مدد کی تھی۔ اور اس کا ایک مشکل حصہ جو فیض نہیں لکھ پا رھا تھا لکھ کر دیا تھا۔ اگرچہ ابھی تک اس حصہ کا تعین نہیں ھو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سکا ۔ جو حضرت مجدد نے لکھ کر فیضی کو دیا تھا تاہم اس بات کا ثبوت ملتا ہے کہ مجدد صاحب کی نظر میں بھی فیضی کی یہ کوشش قابل اعتراض نہ تھی ۔ ان کے علاوہ (۴۰) ملا جمال تلوی ( متوفی مابعد ۱۰۰۴ ھ ) نے فیضی کی سواطع الالہام کی اکثر مقامات پر اصلاح کی تھی ۔

مولانا مناظر احسن گیلانی نے اپنی کتاب نظام تعلیم و تربیت میں بہت تفصیل سے فیضی اور اس کی تفسیر کے متعلق لکھا ہے ۔ مختلف جگہوں سے ان کی رائے کے اقتباسات پیش کئے جاتے ہیں ۔ " میرا خیال ہے کہ ایسا کارنامہ ہے جس کی نظیر شاید دوسرے اسلامی ممالک کے علمی حلقوں میں نہیں ملتی ۔ مطالعہ سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ غیر منقوطیت کے اس التزم کے باوجود فیضی نے یہ کمال کیا ہے کہ عام تفسیروں میں قرآنی آیات کے متعلق جو کچھ بیان کیا گیا ہے ۔ اس شخص نے ان تمام امور کو سمجھنے کی ، جہاں تک میرا خیال ہے ، ایک کامیاب اور ایسی کوشش کی ہے جس کی نظیر اس سے پہلے مشکل ہی سے مل سکتی ہے " ۔ . . . . " کسی زبان کا سرمایہ اتنا وسیع ہو کہ وہ سارے معانی و مطالب جو عربی تفسیروں کی ضخیم جلدوں میں بیان کئے گئے ہیں ۔ غیر منقوط الفاظ میں ادا کر دیئے جائیں ۔ کیا یہ کوئی معمولی بات ہے ؟ " ۔ . . . " گو اس تفسیر میں مطالب کے لحاظ سے کوئی جدت نہیں ۔ تاہم وہ بہرحال ایک غیر معمولی ذہن و دماغ کا آدمی تھا ۔ بیچ بیچ میں بعض نکتے اس کے قلم سے برساختہ نکل گئے ہیں ۔ اگر ان کو ایک جگہ جمع کیا جائے تو اچھی خاصی چیز ایسی جمع ہو سکتی ہے جسے اس کی تفسیر کی معنوی خصوصیت بھی قرار دیا جا سکتا ہے " (۴۱) ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فیضی کی یہ تفسیر ہر اعتبار سے مکمل اور خاص اہمیت کی حاصل ھے ۔ اسے کسی بھی دوسری تفسیر کے مقابلے میں آسانی سے رکھا جا سکتا ھے ۔ تفسیری خوبیوں کے ساتھ ساتھ یہ ایک قابل قدر علمی ادبی کارنامہ بھی ھے ۔ جس سے عربی زبان کی وسعت اور فیضی کی اس پر قدرت کا اظہار ھوتا ھے ۔ فن تفسیر کے نقطہ نظر سے بھی اس میں کسی قسم کی خامی نظر نہیں آتی ۔ جو لوگ اسے عجیب و غریب تصنیف اور انتہائی مشکل کتاب سمجھتے ھیں ان کا خیال بڑی حد تک صحیح معلوم نہیں ھوتا ۔ البتہ کتاب کا مقدمہ خاصہ مشکل ھے ۔

خاص طور سے وہ عبارتیں جہاں وہ لوگوں کے نام اور دوسری باتوں کا ذکر کرتا ھے ۔ لیکن اصل تفسیری عبارتیں کچھ زیادہ مشکل نہیں ھیں ۔ تھوڑی توجہ اور محنت سے مطالب سمجھ میں آ جاتے ھیں ۔ اس تفسیر سے عربی زبان و لغات کی حیرت انگیز حد تک وسعت کا ثبوت ملتا ھے ۔ جس میں خدا کا آخری پیغام نازل ھوا ۔ اور اس کے ساتھ فیضی کی قدرت اور کمال انشا پردازی کا بھی ۔ پنجاب کے مفسرین کے کارناموں میں یہ کتاب ایک اہم کارنامہ ھے جس پر بجا طور پر فخر کیا جا سکتا ھے اور اس کتاب کو تفسیری ادب میں ایک منفرد مقام حاصل ھے اسکے ساتھ ھی اس تفسیر کو اپنی نوعیت کی واحد تفسیر قرار دیا جا سکتا ھے ۔ اور عربی زبان و آدب کے طالب علم اس سے بےنیاز نہیں ھو سکتے ۔

تفسیر کے علاوہ انھوں نے موارد الکلم لکھی یہ بھی بے نقط کتاب ھے اور اس کا موضوع علم اخلاق ھے ۔ ان کا فارسی میں ۱۵ ھزار الفاظ پر مشتمل دیوان بھی ھے ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مزید برآں کتاب " لیلاوتی " کا فیضی نے سنسکرت سے فارسی میں ترجمہ بھی کیا تھا (۴۲)۔ کحالہ نے انھیں ان الفاظ میں یاد کیا ھے " عالم، مفسر عارف بالادیین العربی و الفارسی مشارک فی بعض العلوم " (۴۳)۔

یہ تفسیر ۱۳۰۶ ـ ۱۸۹۸ء میں مطبع نول کشور لکھنؤ سے طبع ہوئی تھی اور متن قرآں اور تفسیر کے علاوہ تقریظات شامل کر کے ۸۰۷ صفحات پر مشتمل ھے اسکی دوسری طباعت کا علم نہیں ہو سکا۔

## نور اللہ شوستری ( م ~~۲۰۱۹~~ ۱۰۱۹ ھ )

**حاشیہ تفسیر البیضاوی۔**

سید نور اللہ بن عبداللہ بن نور اللہ شوستری حسینی مرعشی شوستری مشہور به شہید ثالث ۹۵۶ / ۱۵۴۹ (۴۴) میں شوستر میں پیدا ہوئے مشہد میں تعلیم حاصل کر کے ھندوستان آئے۔ اکبر نے انھیں قاضی معین الدین کے بعد لاھور کا قاضی مقرر کیا (۴۵)۔ اور وہ اس شرط پر قاضی بننے کے لئے راضی ہوئے کہ اھل سنت کے چار مذاھب فقہ میں سے جس مذھب کے مطابق چاھیں فیصلہ کریں گے۔

وہ شیعہ مذھب تھے۔ لیکن اپنا مذھب چھپاتے تھے۔ خلاف شرط انھوں نے اھل سنت کی مخالفت میں کتابیں لکھیں جنھیں وہ چھپاتے رھے۔ جہانگیر کے عہد میں، مجالس المومنین نامی کتاب

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



لکھنے پر سزا ملی اور اسی کوڑوں کی سزا کے دوران ۱۰۱۹ / ۱۹۱۰ میں فوت ہوئے ۔

خیر الدین زرکلی نے لکھا ہے شوستری کی ۹۷ (۳٦) تصانیف ہیں ان تصانیف میں سے چند درج ذیل ہیں ۔

۱) مصائب النواصب — روافض کے رد میں
۲) صوارم مہرقه — ابن حجر تمیمی کی صواعق معرقه کے رد میں
۳) احقاق الحق — ابطال الباطل کے جواب میں
۴) حاشیه تفسیر البیضاوی (۳۷) — علم تفسیر میں
۵) حاشیه الهیات شرح تجرید — علم کلام میں
٦) حاشیه برحاشیه قدیمه — علم کلام میں
۷) حاشیه علی تهذیب الکلام — علم کلام میں
۸) حاشیه علی المیبذی — فلسفه میں
۹) حاشیه علی شرح الستمسیة — منطق میں
۱۰) حاشیه علی شرح تهذیب دوانی — منطق میں
۱۱) حاشیه علی شرح الجامی — نحو میں
۱۲) حاشیه علی المطول — بلاغت میں
۱۳) رسالة فی مسح الرجلین — فقه میں
۱۴) سراج القلوب — تصوف میں
۱۵) مجالس المومنین — رد اهل سنت میں

ان سب کتابوں کا نام لکھنے کے بعد مولانا عبدالحئی لکھنؤی لکھتے ہیں راقم نے حاشیه البیضاوی کا مطالعه کیا ہے ۔ اس میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



عموماً بےجا تطویل سے کام لیا گیا ھے (۴۸)۔

شیخ فیضی کی غیر منقوط تفسیر ” سواطع الالہام “ پر ایک شوستری توقیع لکھی تھی جس میں لکھا ھے که اس کتاب کی توصیف و تعریف احاطه بیان سے باھر ھے (۴۹)۔

## مولانا جلال بن نصیر چنابی ( م اوائل گیارھویں صدی )

### حاشیه تفسیر البیضاوی ۔

مولانا جلال چنابی اور مولانا جمال چنابی ضلع گوجرانواله کے مردم خیز خطه کیلیانواله (۵۰) کے باشندے تھے ۔ یه دونوں بھائی صاحب تصانیف تھے مولانا جمال چنابی جو که بڑے بھائی تھے انھوں نے حاشیه شرح ملا جامی نحو میں لکھا تھا اور مدح رسول صلی اللہ علیه وسلم میں قصیده برده کی عربی میں شرح لکھی تھی ۔

ان کے چھوٹے بھائی مولانا جلال چنابی سے بھی دو کتابیں یادگار ھیں ۔

۱) مولانا عبداللہ تلنبی کی بلند پایه کتاب ” بدیع المیزان “ پر حاشیه ۔ واضح رھے که یه کتاب علم منطق میں ھے اور برصغیر کے عقلی علوم میں نمایاں اضافه ھے ۔

۲) حاشیه جلال بن نصیر علی تفسیر البیضاوی (۵۱)۔ اس حاشیے کا قلمی نسخه انڈیا آفس لائبریری میں محفوظ ھے (۵۲)۔

یه حاشیه تفسیر البیضاوی کے تیسویں پارے پر مشتمل ھے ۔ فاضل مصنف نے اس حاشیے میں اپنے متقدمین سے بھرپور استفاده کیا ھے ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ملا سعید چلپی اور ملا جلال الدین حنفی کے اقوال کا تتبع کیا ھے انھوں نے تفسیر البیضاوی کے مشکل اور دقیق مقامات کی تشریح کی ھے اور علامہ بیضاوی پر وارد ھونے والے بعض اعتراضات کا جواب بھی دیا ھے چنانچہ وہ اپنے حاشیہ میں لکھتے ھیں ۔

فیقول العبد المفتقر الی اللہ المتعال القدیر القوی ۔ تراب اقدام الطلبة جلال بن نصیر الچنابی ۔ ان هذه حواشی و تعلیقات علی الجزء الاخیر من التفسیر البیضاوی ۔ جمعتها لتسکون تذکرہ لا ولی الالباب و تحفة للفضلاء الطلاب » ۔

اس آخری جملہ سے اندازہ ھوتا ھے کہ ملا جلال چنابی کے دور میں تفسیر بیضاوی کا آخری پارہ شامل نصاب رہا ھو گا اور ملا چنابی اس کا درس دیا کرتے تھے ۔ یہی وجہ ھے کہ زیر نظر حاشیہ طلبہ کی ضروریات کو پیش نظر رکھ کر لکھا ھو گا تاکہ وہ اس سے استفادہ کر سکیں ۔

ملا جلال چونکہ ملا جمال سے چھوٹے تھے اس لئے انھوں نے اپنی تحریروں اور خاص طور سے شرح قصیدہ بردہ میں اپنے بڑے بھائی کی تحریروں سے بھرپور استفادہ کیا ھے چنانچہ وہ خود لکھتے ھیں ۔ جس میں اپنے بڑے بھائی سے استفادہ کا اعتراف کرتے ھیں ۔

ثم انی قد استفدت عن استاذی المحقق ۔ مولوی المدقق اخی العالم الفاضل المختار عبدالکریم المتعال مخدومنا و مولانا جمال سلمہ اللہ و ابقاہ ۵۳ ۔

فاضل مفسر کی تاریخ وفات معلوم نہیں ھو سکی ۔ مولانا عبدالقدوس قاسمی کا اندازہ ھے کہ ملا جلال چنابی کی وفات ۱۰۲۵ ھ کے بعد ھوئی ھے (۵۴) ۔ کیونکہ اس سال انھوں نے قصیدہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بردہ کی شرح مکمل کی تھی ۔

مذکورہ بالا حقیقت کی تائید اس امر سے بھی ہوتی ہے کہ تاریخ ادبیات پاکستان و ہند کے مرتب نے مولانا جلال چنابی کا ذکر عبدالنبی شطاری متوفی ۱۰۱۰ ۔ ۱۶۱۰ اور حاجی دبیر متوفی بعد ۱۰۲۰ ۔ ۱۶۱۲ کے درمیان کیا ہے (۵۵) ۔ جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ فاضل مرتب کے نزدیک اس مفسر کا تعلق گیارھویں صدی کے پہلے ربع سے ہے ۔

## مولانا عبدالسلام لاہوری متوفی ( ۱۰۳۷ ھ )

### حاشیہ تفسیر البیضاوی ۔

مولانا عبدالسلام کو علم و فن سے بہت لگاؤ تھا ۔ حتی کہ اتنا زیادہ پڑھنے والا کوئی اور مشکل سے رہا ہو گا ۔ کتب درسی شیخ اسحاق کاکو لاہوری سے پڑھیں ۔ شیخ سعداللہ اور قاضی صدر الدین سے بھی کسب فیض کیا ۔ حکمت فتح اللہ شیرازی سے سیکھی ۔ معقولات و منقولات میں کامل و اکمل تھے ۔ فقہ میں ید طولی رکھتے تھے ۔ اپنے زمانہ کے بلند پایہ مفسر تھے پچاس برس تک مسند درس پر متمکن رہے ۔ لاہور میں درس و تدریس کا سلسلہ شروع کیا اور پچاس سال تک اسے جاری رکھا ۔ شیخ محب اللہ الہ آبادی ۔ عبدالسلام دیوی ، محمد میر بن قاضی سائیں وغیرہ ان کے مشہور شاگردوں میں شامل تھے ۔

ماثر الکرام (۵۷) میں غلام علی بلگرامی لکھتے ہیں کہ وہ کہا کرتے تھے کہ میں جب علم کے کسی بھی دروازے میں قدم رکھتا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہوں تو اس دروازے سے اور بھی بہت سے دروازے کھل جاتے ہیں اور میں اس علم سے دوسرے بہت سے علوم تک پہنچ جاتا ہوں۔ اگر میں چاہوں تو ان کو لکھ کر ایک مستقل چیز بنا سکتا ہوں لیکن مجھے پڑھانے سے اتنی فرصت نہیں ملتی کہ یہ کام بھی انجام دے سکوں۔ جب میں بوڑھا ہو جاؤں گا اور میرے اعضاء شل ہو جائیں گے تو مجھے افسوس ہو گا اور ہوا بھی ایسا ہی۔ آخر عمر میں ان کو اپنی اس کوتاہی پر بہت افسوس ہوا۔

ایک مدت تک مفتی کے عہدے پر فائز رہے اور تمام فرائض پوری دیانت داری سے انجام دیتے رہے۔ انھوں نے تفسیر البیضاوی کا حاشیہ لکھا۔ جب تفسیر پر حاشیہ لکھ رہے تھے اس وقت فرمایا کرتے تھے۔میں بہت کچھ جانتا ہوں لیکن کثرت درس کی وجہ سے لکھ نہیں پاتا۔ ان کی تفسیری کاوشیں بہت مشہور ہوئیں۔ جب ان کی عمر نوے برس تھی تو ۱۰۳۷ھ میں ان کا انتقال ہوا۔ اس حاشیے کا اصل نام "تفسیر زہراوین" ہے جیسا کہ کتاب کے خاتمے پر لکھا ہوا ہے۔

"تم تفسیر الزہراوین بتوفیق اللہ تعالیٰ والحمد للہ علی ذلک"

یہ حاشیہ (۵۸) ۲۷۲ اوراق پر مشتمل ہے۔ اس کا قلمی نسخہ کتب خانہ رام پور میں موجود ہے۔ اس حاشیے پر شروع کلام پاک سے سورہ آل عمران تک کی شرح ہے۔ اس کی ابتداء ان الفاظ سے ہوتی ہے "بسم اللہ الرحمن الرحیم قولہ الحمد للہ الذی انزل الکتاب نزل الفرقان علی عبدہ لیکون للعلمین نذیراً۔

قاضی البیضاوی کی انوار التزیل و اسرار التاویل ہندوستان میں بیشتر جگہوں پر نصاب میں داخل رہی ہے۔ اس لئے بہت سے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



علماء نے اس کو زیادہ آسان اور عام فہم بنانے کیلئے اس کی شرحیں لکھیں ۔ انہی شرحوں میں سے ایک ملا عبدالسلام لاہوری کی یہ کتاب ہے ۔ کسی بھی شرح کی جب مزید شرح کی جاتی ہے تو چھان بین اور مسائل کی تحقیق و تدوین میں بات سمجھنے کی بجائے اور الجھ جاتی ہے ۔ ایسا ہی کچھ اس حاشیے میں بھی ہوا ہے ۔ بہت سی جگہوں پر بحثیں کافی لمبی ہو گئی ہیں اور پتہ نہیں چلتا کہ مطلب کیا ہے ؟ فاضل حاشیہ نگار قولہ کہکر شروع تو کرتے ہیں مگر متن و حاشیہ اس طرح ملا دیتے ہیں کہ دونوں کو الگ کرنا بہت مشکل ہی نہیں بلکہ تقریباً ناممکن ہو جاتا ہے ۔ چنانچہ ذوی القربی و الیتمی کی تشریح یوں کرتے ہیں یتیموں کا ذکر کیا گیا ہے ۔(۵۹) ۔ رازی کا بیان ہے کہ جو زیادہ مستحق تھا اس کو ترجیح دی ہے ۔ اس وجہ سے اگر تنگ دستی قرابت کے ساتھ ہو تو ایسا شخص دوسرے سے زیادہ مستحق ہے ۔ کیونکہ اس میں صلہ رحمی اور صدقہ دونوں کا لحاظ رکھا گیا ہے ۔ قرابت مال کے دیئے جانے کی زیادہ باعث ہوتی ہے ۔ اس وجہ سے عزیز یا قریب وراثت کا مستحق ہوتا ہے ۔ وصیت میں بھی اس کا اثر پڑتا ہے ۔ اور صاحب مال ایک تہائی سے زیادہ کی وصیت نہیں کر سکتا ۔ اس کے بعد یتیموں کا ذکر کیا گیا ہے ۔ اس لئے کہ وہ بالکل بےسہارا ہوتے ہیں ۔ پھر مساکین کا ذکر کیا ہے ۔ اس لئے کہ ان کی ضرورت شدید ہوتی ہے ۔ پھر مسافر کا ذکر کیا ہے ۔ کیونکہ اسے اہل و عیال کی ذمہ داری کی وجہ سے مال کی بھی ضرورت ہوتی ہے ۔ پھر سائلین اور غلاموں کی آزادی کا ذکر کیا ہے ۔ اس لئے کہ پہلے پہلے بیان کردہ لوگوں کے مقابلے میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ان دونوں کی ضرورتیں کم ہوتی ہیں ۔

احادیث بھی نقل کی ہیں ۔ اختلافی مسائل میں آئمہ کی آراء بھی لکھی ہیں ۔ اور ان کے اختلافات کو بیان کیا ہے ۔ مختلف مسائل میں علماء کا مذہب کیا رہا ہے ۔ یہ بھی بیان کیا ہے ۔ مثلاً وراثت کی آیتوں میں مفسرین نے بہت اختلاف کیا ہے ۔ بعض لوگ ان میں سے کچھ آیتوں کو منسوخ قرار دیتے ہیں اور کچھ کو نہیں ۔

کتاب کا خاتمہ اس عبارت پر ہوتا ہے ۔

کعدل صیام رمضان ہو بالفتح المثل من غیر المبحثین بالکسر من المبحثین ۔

انھوں نے تفسیر لکھنے کے علاوہ پچاس برس تک درس دیا اور فتاوی بھی لکھے ۔ ملا نظام نے طبقات اکبری میں لکھا ہے ۔

" ملا عبدالسلام لاھوری از فحول علمائے لاھور بود " (٦٠) ۔

## مفتی عبدالسلام دیوی ( م بعد ۱۰۳٦ ھ )

### حاشیه تفسیر البیضاوی ۔

دیوہ ضلع بارہ بنکی میں پیدا ہوئے اور یہیں پلے بڑھے ۔ اپنے شہر کے اساتذہ سے علم حاصل کیا اور پھر لاھور گئے اور ملا عبدالسلام لاھوری کے ساتھ ٹھہرے ۔ اور انھی سے فقه ، اصول فقه اور علم کلام سیکھا ۔ حتی که اپنے ساتھیوں سے سبقت لے گئے ۔ ایک زمانے تک اپنے استاد کی طرح علمی کاموں میں مصروف رہے ۔ بےانتہاء ذھین تھے ۔ کچھ عرصے کے بعد شاہ جھان کے لشکر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں افتاء کے عہدے پر مامور ہوئے ۔ آخر میں اس سے کنارہ کشی اختیار کی اور لاهور (۶۱) میں مستقل سکونت اختیار کی ۔

رسالہ قطبیہ میں عبداللہ بن عبدالحلی لکھتے ہیں کہ یہ عام علماء کے خلاف فتوے دیا کرتے تھے ۔ انھوں نے بہت سی کتابیں لکھی ہیں جن میں سے چند ایک یہ ہیں :۔

۱) حاشیہ علی شرح العقائد
۲) شرح منار الاصول
۳) حاشیہ علی الہدایہ
۴) شرح تہذیب المنطق اور
۵) حاشیہ البیضاوی وغیرہ مشہور تصانیف ہیں ۔

فاضل مصنف کی اکثر کتب تک رسائی نہیں ہو سکی ۔ ان کے حاشیہ البیضاوی کے بارے میں بھی کتب حوالہ خاموش ہیں ۔ البتہ ان کی اصول فقہ میں "حسامی" کی ایک شرح کا قلمی نسخہ جامعہ پنجاب میں محفوظ ہے ۔ جس کے بارے میں تفصیلی بحث پانچویں باب میں شامل ہے ۔

## ملا عبدالحکیم سیالکوٹی ( م ۱۰۶۷ ھ )

### حاشیہ البیضاوی ۔

ملا عبدالحکیم سیالکوٹی جہانگیر اور شاہ جہان کے دور کے ایک بلند پایہ فاضل اور صاحب تصانیف عالم تھے وہ اپنی تصنیفات کی وجہ سے سارے عالم میں مشہور ہیں ۔ مغل دور میں سیالکوٹ کو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ایک علمی مرکز کا درجہ حاصل تھا اور بہت سے طالب علم اپنی علمی پیاس بجھانے کے لئے اس شہر کا رخ کیا کرتے تھے (۶۲)۔

ملا عبدالحکیم سیالکوٹ میں پیدا ہوئے تھے ان کے والد کا نام شمس الدین تھا وہ ملا کمال کشمیری کے تلامذہ میں سے تھے اور حدائق الحنفیہ کے بیان کے مطابق انھوں نے بہت سے بزرگوں سے اکتساب فیض کیا تھا ۔ بیان (۶۳) کیا جاتا ہے کہ شیخ عبدالحق دھلوی سے انھیں اجازت روایت حدیث حاصل تھی ۔

شیخ عبداللہ جان لاھوری نے ملا عبدالحکیم سیالکوٹی کے صاحبزادے عبداللہ اللبیب کے ذریعے سے سیالکوٹی کی کتابوں کی روایت کی ھے ۔ انھوں نے اپنی ساری عمر درس و تدریس میں صرف کی ۔

اکبر نے لاھور میں جو مدرسہ قائم کیا تھا ۔ ملا سیالکوٹی اس میں استاد تھے اور اس طرح وہ ایک لمبے عرصے تک لاھور میں قیام پذیر رھے ۔ غالباً یہی وجہ ھے کہ انھیں " فاضل لاھوری " کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ھے ۔

انھیں صحیح معنی میں شہرت شاہ جہان کے عہد میں میسر آئی ۔ جب وہ دربار شاھی میں آتے جاتے تھے ۔ انھیں شاہ جہان کے ھاں خاص مقام حاصل تھا اور انھیں دو بار سونے میں تلوایا گیا اور وہ سونا انھیں بطور عطیہ دیدیا گیا ۔ انھوں نے خوشحال زندگی گذاری ۔

شاہ جہان کے دور میں بھی ملا عبدالحکیم سیالکوٹی لاھور میں تدریس کے فرائض سر انجام دیتے رھے تھے ۔ ملا عبدالحکیم سیالکوٹی کا سارے ھندوستان میں فتوی تسلیم کیا جاتا تھا (۶۴)۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ان کی وفات ۱۰٦۷ھ میں ہوئی (٦۵)۔

تخلیقی کاموں ، حواشی اور شروح لکھنے میں ملا عبدالحکیم سیالکوٹی کو بلند مقام حاصل ہے۔ وہ اسلامی علوم جیسے تفسیر ، علم کلام ، اصول فقه ، فلسفه ، منطق ، علم صرف اور بلاغت کے بہت بڑے فاضل تھے۔ انھوں نے مذکورہ مضامین میں سے ہر ایک میں اپنی یادگار تصانیف چھوڑی ہیں۔ ان میں اکثر اس وقت کی مقبول کتابوں کے حواشی ہیں۔ ان کے بارے میں محمد صالح کمبوہ کا بیان ہے کہ انھوں نے بلند پایہ اساتذہ علم کی کتابوں پر پرمغز اور علمی حاشیے لکھے۔ فاضل مصنف کی درج ذیل تصانیف ہمیں معلوم ہو سکی ہیں۔

۱) حاشیه تفسیر البیضاوی
۲) حاشیه مقدمات تلویح
۳) حاشیه مطول
۴) حاشیه میر سید شریف
۵) حاشیه شرح مواقف
٦) حاشیه شرح عقائد تفتازانی
۷) حاشیه خیالی
۸) حاشیه شرح شمسیه
۹) حاشیه شرح المطالع
۱۰) حاشیه شرح ملا صدرا
۱۱) حاشیه عبدالغفور
۱۲) حاشیه شرح العقائد دوانی
۱۳) حاشیه شرح هدایة الحکمه

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱۴) حاشیه شرح حکمه العین

۱۵ ـ حاشیه مراح الارواح

۱٦) تکمله حاشیه عبدالغفـور

۱۷) در ثمین

آخری دو کتابوں کا ذکر آزاد بلگرامی نے کیا ھے (٦٦) ـ

۱۸) دلائل التجدید

۱۹) حاشیه شرح التهذیب

۲۰) القول المحیط

۲۱) حاشیه سیالکوٹی علی تصورات (٦۷)

۲۲) حاشیه الکشاف

۲۳) حاشیه الحسامی

۲۴) الرساله الخاقانیه

۲۵) زبدة الافکار (٦۸)

۲٦) الدرة الفریده فی تحقیق مسئله العلم

ان کی شروح اور حواشی بہت مقبول ھوئے اور درس نظامی کے اساتذہ آج تک ان کے حواشی و شروح سے استفادہ کر کے طلبا کو درس دیتے ھیں-ان کی تصانیف کے بارے میں صاحب سبحة المرجان نے لکھا ھے ـ

" له تصانیف غراء و اثره فی الامـ رائجة فی دیار العرب و العجم . (٦۹) ـ

عبدالله بن عمر البیضاوی کی " انوار التنزیل و اسرار لتاویل " کو قرآن حکیم کی تفاسیر میں ایک بلند مقام حاصل ھے اگرچه یه قرآن حـــکیم کی مکمل تفسیر ھے تاهم بعض محققین کا خیال ھے که اس

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں بہت سے مسائل ایسے ھیں جن پر تفصیل سے بحث نہیں ھوئی ۔

اس کتاب کی اھمیت کا اندازہ اس امر سے لگایا جاتا ھے کہ یہ عرصہ سے داخـل نصاب رھی ھے اور اب بھی برصغیر میں البیضاوی، جلالین اور کشاف تینوں کتابیں کسی نہ کسی صورت میں شامل نصاب ھیں اور انھیں اس خطہ میں بےانتھـا شھـرت حـاصل ھوئی ھے ۔ یہ کتابیں چونکہ اختصار کو ملحوظ رکھتے ھوئے لکھی گئی تھیں اس لئے پنجاب کے علماء نے ان تینوں پر حواشی لکھے . البیضاوی کی بہت سے لوگوں نے مختلف انداز میں تشریح کی ھے ۔ مگر ان سب میں ملا عبدالحکیم سیالکوٹی کا حاشیہ بہت اچھـا اور اھـم سمجھـا جاتا ھے ۔ اس کے بہت سے قلمی نسخے مختلف کتب خانوں میں موجود ھیں ۔ اور یہ کتاب طبع بھی ھو چکی ھے ۔ اس کتاب کا ایک قلمی نسخہ اسلامیہ کالج پشاور کے کتب خانہ میں مسلسل نمبر ۴۲ پر ھے ۔ نیز یہ کتاب دوسری بار ۱۹۷۵ ء میں کوئٹہ سے طبع ھو کر شائع ھو چکی ھے ۔

ملا صاحب کی یہ تصنیف تفسیر البیضاوی کے ابتدائی پونے دو پاروں کی تشریح ھے ۔ چونکہ یہی حصہ اھم مسائل سے متعلق ھے اور عموماً شامل نصاب رھـا ھے ۔ اس لئے ملا صاحب نے اس حصہ کی تشریح کو زیادہ ضروری سمجھا ۔ آخر میں انھوں نے اس کا اظھار کیا ھے کہ بعد میں وہ اپنا کام مکمل کریں گے لیکن مذکورہ حصے کے بعد غالباً وہ نہ لکھـ سکے ۔ ان کی یہ شرح دوسرے پارے کے ثلث تک پہنچ کر ختم ھو جاتی ھے ۔

مصنف کا مقصد البیضاوی کی مشکلات کو حل کرنا ھے ۔ یہ بات بھی پیش نظر ھے کہ دوسروں کو اسے سمجھنے میں زیادہ آسانی ھو ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہی وجہ ہے کہ انھوں نے البیضاوی کے چھوٹے چھوٹے جملوں اور کہیں کہیں پر مبہم تفسیر کی تشریح و توضیح پوری تفصیل سے کی ہے ۔ مصنف نے اس بات کی کوشش بھی کی ہے کہ وہ مشکل مقامات کو بھی حل کریں ۔ تاکہ پڑھنے والے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھا سکیں۔
زبان و بیان اور لغت کی باریکیوں کا ذکر کیا ہے ۔ مشکل الفاظ اور مخصوص طرز ادا کی تشریح کی ہے ۔ بلاشبہ اس میں وہ دوسرے شارحین پر بازی لے گئے ہیں ۔ ان کی تشریحی عبارتیں زیادہ آسان ہیں ۔ جن سے پڑھنے والے کو بغیر کسی الجھن کے بات سمجھنے میں مدد ملتی ہے ۔ قرآن مجید کی سب سے صحیح واضح اور اچھی تفسیر خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زبان مبارک سے کی تھی ۔ ان کے صحابہ نے کی تھی ۔ صحابہ نے ان اقوال کو حفظ کر لیا تھا ۔ اور موقع محل کے مطابق انھیں کی روشنی میں عمل کرتے تھے ۔ قرآن کریم میں بہت سے ضروری مسائل کی طرف محض اشارے ملتے ہیں ۔ ان اشاروں کو سمجھنے کے لئے ہمیں احادیث کی طرح رجوع کرنا پڑتا ہے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال یا افعال سے آیات کی تشریح ہوتی ہے ۔ انھیں تمام نامور مفسرین کی طرح قاضی صاحب بھی اپنی تفسیر میں نقل کرتے ہیں ۔ اور ان سے آیتوں کی تفسیر زیادہ آسان ہو جاتی ہے ۔ صاحب حاشیہ نے ان احادیث کے علاوہ کہیں کہیں اضافہ کرتے ہوئے مزید حدیثیں بھی لکھ دی ہیں ۔ قاضی البیضاوی نے بعض جگہوں پر حدیث تو نقل کی ہے ۔ مگر سند بیان نہیں کی ہے اور نہ ہی راوی کا نام لکھا ہے ۔ ملا سیالکوٹی نے اس کمی کو پورا کیا ہے ۔ اور راوی کا نام لکھ دیا ہے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جن روایتوں کی صحت پر شبہ هے ان پر بھی بحث کی هے ـ

قاضی البیضاوی نے قرآن حکیم کی آیت " و امنوا بما انزل مصدقا لما معکم " (۷۰) کی تفسیر بیان کرتے ہوئے آگے چل کر نبی اکــرم صلی اللہ علیه وسلم کی ایک حدیث نقل کی هے ـ جس میں مذکور هے که اگر موسی علیه السلام زنده هوتے تو وہ بھی میرے دین کی اتباع کرتے ـ تفسیر البیضاوی میں اس حدیث کا کوئی حوالـه نهیں نقل کیا گیا هے ـ صاحب حاشیه نے پورا واقعه نقل کر کے اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیه وسلم کے الفاظ بھی نقل کئے هیں ـ

"والذی نفس محمد بیده لوبده بکم موسی فاتبعوه و ترکتمونی لضللتم سواء السبیل لوکان حیا و ادرک نبوتی لاتبعتنی (۷۱) ـ

اسی طرح سے اور بهت سے مقامات پر کیا هے ـ قاضی صاحب سے بعض مقامات کی تفسیر کرنا باقی ره گئی هے ـ ملا عبدالحکیم ایسے مقامات پر " واعــلم ان المصنف رحمة اللہ تعالی لم یفسر " لکھ کر خود اس کی تفسیر بیان کرتے هیں ـ

یه حاشیه ان کی علمی قابلیت کے ساتھ مذهبی معلومات پر عبور اور قرآن فهمی کی روشن دلیل هے ـ اس حاشیے کی وجه سے ان کی بڑی شهرت هوئی ـ خلاصه الاثر میں لکھا هے ـ " که علمائے هند میں جو مرتبه ان کا تھا وه کسی دوسرے کو نصیب نه هوا " ـ اس کتاب میں ان کے حاشیے کے متعلق لکھا هے ـ " که میں نے اسے دیکھا اور اس میں سے دقیق مباحث کا مطالعه کیا هے " (۷۲) ـ

البیضاوی پر جتنی شروح اور حواشی لکھے گئے ان میں علامه عبدالحکیم سیالکوٹی کا حاشیه البیضاوی سب سے زیاده مقبول اور متداول هے یه صرف سوره الفاتحه اور سوره البقره کے بعض حصوں پر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مشتمل ھے چونکہ قاضی بیضاوی نے اپنا زور انھیں سورتوں میں دکھایا ھے ۔ اسی لئے ملا سیالکوٹی نے ان سورتوں کو منتخب کیا اور انھیں سورتوں پر حاشیہ کافی طویل بھی ھے انھوں نے اپنے حاشیہ میں اپنے گہرے مطالعے کا اظہار ان الفاظ میں کیا ھے ۔

" حل ان یکون شریعه لکل وارد وان یطلع علیه الا واحد بعد واحد ۔ فقلت لهم ایها الخلان الدینیه والاخوان الروحانیه انی انست نارا فی بوادی هذا الکتاب اتیکم منها یقص لعلکم تصطلون " (۴۳)

اس کتاب کی تعریف علامہ محبی نے ان الفاظ میں کی ھے ۔

حاشیه علی تفسیر البیضاوی علی بعض سوره البقره رایتها و طالعت فیها ایحاثا دقیقه (۴۴) ۔

ملا عبدالحکیم کا حاشیہ بڑا پرمغز اور کثیر الفوائد ھے البیضاوی نے جن فنون کے سہارے یہ تفسیر مرتب کی تھی ملا سیالکوٹی نے ان تمام علوم و فنون پر مہارت حاصل کرنے کے بعد ان میں خود اضافہ کر کے یہ حاشیہ لکھا اور اسکی افادیت کو دو چند کر دیا ۔ اس کے بعض فوائد یہ ھیں ۔

۱ ۔ قواعد صرف و نحو کی بحثیں کھول کر بیان کیں اور ان کی مشکلات حل کیں ۔

۲ ۔ نامانوس اور مشکل مفردات کی لغوی تشریحات کیں (۴۵) اور اس سلسلے میں فارسی سے بھی استفادہ کیا ھے ۔

۳ ۔ علامہ البیضاوی کی بعض عبارات بڑی مغلق اور دقیق ھیں جو بآسانی سمجھ میں نہیں آتیں ۔ سیالکوٹی نے ایسی عبارات کی بہت عمدہ تشریح کی ھے ۔

۴ ۔ تفسیر میں وارد شدہ احادیث کی تخریج کی ھے اور ان پر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جرح و تعدیل کر کے آئمۂ فن کی آراء سے ان کا ضعف اور ثقاھت ثابت کی ھے۔

۵۔ قاضی بیضاوی کے شافعی نقطہ نظر کے مقابلے میں حنفی نقطہ نظر پیش کیا ھے اور اس کے دلائل بھی لکھ دیئے ھیں۔

۶۔ تصوف کے نکات کی صوفیہ کے نقطہ نظر سے وضاحت کی ھے۔

۷۔ کلامی بحثوں پر دقیق اور مفید اضافے کئے ھیں۔

۸۔ بیضاوی نے علوم قرآنیہ پر سیر حاصل بحث نہیں کی جبکہ علامہ سیالکوٹی نے اس کمی کو پورا کر دیا ھے۔

۹۔ قاضی بیضاوی پر الزام ھے کہ وہ زمخشری کے خوشہ چین ھیں۔ لیکن علامہ سیالکوٹی نے دونوں کا تقابل کر کے بیضاوی کی برتری کی نشاندھی کی ھے۔

(۷۶) حاجی خلیفہ نے اسی حاشیہ کے بارے میں لکھا ھے۔

وھی احسن الحواشی مقبولة عندالعلماء

جناب ڈاکٹر امین اللہ وثیر نے اپنے ڈاکٹریٹ کے مقالہ میں ملا عبدالحکیم سیالکوٹی کے حاشیہ کشاف زمخشری کا بھی ذکر کیا ان کے الفاظ ھیں۔

the field on the commentary of the Holy Quran the translation of Mulla Abd al Hakim is glosses on Zamakhshari's of which a manuscript copy is preserved in Rampur and which has not been published so far.

جس سے اندازہ ھوتا ھے کہ ملا سیالکوٹی کا دائرہ علم اس قدر وسیع تھا کہ انھوں نے صرف تفسیر کے موضوع پر دو تصانیف یادگار چھوڑی ھیں۔

ذیل میں چند اقتباسات ملا عبدالحکیم سیالکوٹی کے حاشیہ البیضاوی سے پیش کئے جاتے ھیں۔ تاکہ اس کی افادیت اور اھمیت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



واضح ہو جائے۔

**مصنف کا نام ۔**

یقول الضعیف المسکین عبدالحکیم بن شمس الدین ستر اللہ بعیوب نفسه و حصل نفسه خبیرا من نفسه (٧٨)

**قاضی کا ذکر۔**

ان التفسیر المحقق و البحر المدقق المسمی ۔ " انوار التنزیل " لامام الهمام قدوة العلماء الاسلام ۔ سلطان المحققین ۔ و برهان المدققین القاضی ناصر الدین عبداللہ البیضاوی قد استمر العلماء بحل مشکلاة ۔ واسهر الاذکیاء اهدافهم لفتح مغلقاة الدالة لو جازالعبارات و احتواه علی الاشارات ۔ حل ان یکون شریعة لکل وارد ۔ وان یطلع علیه واحد بعد واحد ۔

فقلت لهم ایها الخلان الدینیة والاخوان الروحانیه انی انست نارا فی بوادی هذا الکتاب اتیکم منها بقبس لعلکم تصطلون فاستکشفوا منی بعض خطأفیه ۔فعرضت لهم ماورد فی قلبی عند درسه ۔ من حل یفید برد قلوب الابصار ۔ وزیادات دفعت الظفره منها لذوی الاعتبار (٧٩)۔

**انتساب**

مبلغ قاضی الامالی بالتوکل فی کل حال ۔ خلیفه اللہ فی الارضین ۔ غیاث الاسلام و المسلمین ذی الشوکة العزیز المؤید ۔ بجنود الاله ابو المظفر شهاب الدین محمد شاه جهاں بادشاه المتخلق بخلق الربانی ۔ الملقب بصاحب القرآن الثانی (٨٠)۔

مذکورہ بالا حقائق سے زیر نظر حاشیه کے کوائف کھل کر سامنے آ جاتے ھیں ۔ که یه ملا عبدالحکیم سیالکوٹی کی تصنیف ھے ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قاضی ناصر الدین البیضاوی کی تفسیر کا حاشیہ ھے ۔ اور اس میں بہت سے مسائل سے بحث کی گئی ھے ۔ اور اس حاشیے کا انتساب مشہور مغل فرمانروا شاہ جہاں کی طرف کیا گیا ھے ۔

## حاجی محمد سعید ( معاصر عبدالحکیم سیالکوٹی )

## حاشیہ تفسیر البیضاوی

آپ اپنے وقت کے بڑے فاضل، متورع اور عالی مشرب انسان تھے زندگی فقر و فاقہ میں بسر کی اور اس میں بھی علم دین کی شمع کو روشن رکھا ۔ سرکاری ملازمت پسند نہیں کرتے تھے ۔ انکے والد سرکاری ملازم تھے اسلئے انکے گھر سے کھانا نہیں کھاتے تھے ۔ اپنے فرائض پوری دیانتداری سے ادا کرتے تھے ۔ آپ کی پوشاک بڑی سادہ ہوتی تھی ۔ غربت میں تحصیل علم کیا پھر جو کچھ سیکھا اسکا فیض دوسروں تک پہنچایا ۔

باپ کے ترکہ سے فریضہ حج ادا کیا-واپس آ کر لاھور میں مسند درس پر بیٹھے ۔ تھوڑے ھی عرصہ میں انکی شہرت دور دور تک پھیل گئی ۔ جب آپ کی شہرت شاہ جہان تک پہنچی تو اس نے آپ کو اپنے ھاں آنے کی دعوت دی ۔ مگر آپ نے وھاں جانا پسند نہ کیا شاہ جہاں نے ملا عبدالحکیم سیالکوٹی اور ملا سعداللہ کو آپکی خدمت میں بھیجا ۔ انھوں نے اپنا پورا اثر و رسوخ استعمال کیا اور سرکاری ملازمت اختیار کرنے کی ترغیب دلائی ۔ مگر آپ نے ملازمت کی پابندیوں میں گرفتار ھونا پسند نہ کیا اور آزادانہ طور پر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



درس دیتے رہے ۔

آپ نے البیضاوی کے چند اجزاء پر حاشیہ لکھا ۔

متداول تذکرے آپکی ولادت اور وفات کے بارے میں خاموش ہیں تاہم مذکورہ واقعہ سے پتہ چلتا ہے کہ آپ دور شاہ شاہجہان میں ملا عبدالحکیم سیالکوٹی کے معاصر تھے تذکرے آپکے حاشیہ کے بارے میں بھی خاموش ہیں اور مولانا علم الدین سالک مرحوم کے علاوہ اور کہیں بھی آپ کا تذکرہ نہیں مل سکا ۔

## محمد شریف بن ملا عصمت اللہ ( م ۱۰۷۰ ھ کے بعد )

### حاشیہ البیضاوی ۔

مولانا محمد شریف لاہور کے والد ملا عصمت اللہ بہت بڑے عالم فاضل تھے ۔ انھوں نے لاہور میں سلسلہ درس و تدریس شروع کیا ۔ تو ان کے درس کی شہرت دور دور تک پھیل گئی ۔

مولانا محمد شریف نے نوعمری میں البیضاوی پر حاشیہ لکھا تھا جسے بڑی مقبولیت حاصل ہوئی تھی ۔

ان کی وفات ۱۰۷۰ / ۱٦۵۹ میں ہوئی (۸۲) ۔

فاضل مفسر کے حالات یا ان کے تصنیف کردہ حاشیہ البیضاوی کے بارے میں متداول تذکرے خاموش ہیں ۔ مذکورہ بالا معلومات کے علاوہ کچھ اور معلوم نہیں ہو سکا ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## نعمت اللہ بن عظمت اللہ ( م ۱۰۷۰ ھ کے بعد )

### تفسیر القرآن علی منہج الجلالین ۔

مفسر اور مصنف نعمت اللہ بن عظمت اللہ بن عطاء اللہ النار تولوی ثم الفیروز آبادی اپنے دور کے بلند پایہ عالم تھے انھوں نے تفسیر کے میدان میں دو کتابیں یادگار چھوڑی ھیں ۔ ان کے حالات کے بارے میں معلومات کتب حوالہ میں نہیں مل سکیں ۔

اس مفسر کی دونوں تفاسیر کا ذکر علامہ عبدالحئی نے کیا ھے اور ان کے علاوہ کسی اور کتاب میں نہ مصنف کے بارے میں اور نہ ھی ان کی تفاسیر کے بارے میں کچھ معلوم ھو سکا ۔

۱ ۔ تفسیر القرآن علی منہج الجلالین ۔ جیسا کہ نام سے ظاھر ھے یہ تفسیر مشہور درسی کتاب ,, جلالین ،، کے طریقہ پر اختصار کو ملحوظ رکھتے ھوئے لکھی گئی ۔ جلالین چونکہ بہت مختصر ھے اسلئے قرین قیاس ھے کہ یہ تفسیر بھی اختصار سے لکھی گئی ھو گی ۔

۲ ۔ تفسیر جہانگیری ۔ یہ تفسیر جہانگیر بادشاہ کے لئے لکھی گئی تھی ۔ اور ۱۰۷۰ ھ میں مکمل ھوئی ۔ اسی لئے تفسیر جہانگیری کے نام سے موسوم ھوئی ۔

تفسیر جہانگیری کی تکمیل ۱۰۷۰ ھ میں ھوئی ۔ اس لئے واضح ھے کہ فاضل مفسر اس سال تک زندہ رھے اور ان کی وفات اس سن کے بعد ھی واقع ھوئی ۔

مذکورہ دونوں تفسیروں کے ناموں کے علاوہ کچھ اور معلوم نہیں ھو سکا ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## ملاّ بدخشی لاہوری ( م ۱۰۷۲ ھ )

**تفسیر شاہ ۔**

اس نامور مصنف اور مفسر کی تاریخ پیدائش معاصرانہ یا بعد کے تذکروں میں نہیں ملتی ۔ تاہم یہ امر تحقیق سے ثابت ہے کہ آپ کی پیدائش بدخشاں میں ہوئی اسی وجہ سے آپ بدخشی کہلائے ۔ ملا عبدالمجید لاہوری لکھتے ہیں ۔

" ملاّ بدخشی ۔۔۔۔۔ از بدخشاں به لاهور آمده به ارادت سایه دریــائی اسرار الهی سایه بیداری حقائق نامتناهی میان میر یافت و برکات صحبت نور آگینش منازل و مقامات صوفیه میبود (۸۴) " ۔

ملا بدخشی کی لاہور آمد اور یہــاں مصروفیات کے بارے میں محمد صالح کمبوہ کا بیان اس طرح ہے ۔

" لا جرم در حیات والدین طلب علوم مشغول گردیده ۔ بعد از کسب علوم رسمــی و اخذ فنون عقلی و نقلی ۔ و اکتساب عــلم فن توحید سالک مسلک طریق شده پیوسته دریں مطلب اصلی می بود چون در مدرسه در هیچ باب در کشود ۔ و از هیچ راه فتوحی او ننمــود به تحریک سابق ناپید و تحریک قائد توثیق در سال هزار و بیت و سنة (۱۰۲۳ ھ ) براه هندوستان پیش گرفته به مجرد رسیدن لاهور خود را به منزل شیخ الطائفه میاں میر رسانیده بدریافت ملازمت آن حضـرت استفاده یافت " (۸۵) ۔

عمل صالح کے مصنف نے اس کے بارے میں مزید معلومات مہیا کرتے ہوئے بتایا ہے آپ اکیس سال کی عمر تک موضع " ارکسا " (۸٦) میں مقیم رہے ۔ پھر حصول علم کے لئے بلخ گئے وہاں سے علوم میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مہارت حاصل کر کے عازم ہندوستان ہوئے اور ہندوستان میں سب سے پہلے کشمیر گئے ۔ آپ کا مولد اور وطن موضع ” ارکسا “ ہے جو بلده استاق کا ایک گاؤں ہے۔ استاق مملکت بدخشاں میں ایک تابع مقام کا نام ہے جس کی وضاحت خود بدخشی نے اپنے اشعار میں کی ہے ۔

آپ کے دادا کا نام مولانا عبدی بن مولانا سلطان علی بن حضرت قاضی فتح اللہ تھا ۔ آپ کے اسلاف میں سے ہر ایک قاضی کے لقب سے ملقب تھا ۔ لیکن ان میں سے کسی نے قاضی کے فرائض سر انجام نہیں دیئے تھے ۔ بلکہ ہمیشہ ان کا پیشہ رضا و تسلیم رہا ۔

آپ کی والدہ کا نام حضرت بی بی خاتون تھا وہ عارفہ کاملہ اور رابعہ دہر تھیں۔ لیکن اس دنیا سے رحلت فرما چکی تھیں ۔ مولانا بدخشی کے دو بھائی اور ایک بہن تھی دونوں بھائی نیک محمد اور ملا سلطان علی ہیں ۔ دونوں بھی معرفت الہی کے حصول کے لئے ہندوستان آئے تھے۔ حضرت میاں میر کی خدمت میں حاضر رہے پھر حضرت میاں میر کے حکم سے اپنے وطن واپس چلے گئے ۔

ملا بدخشی لاہور ہی میں مقیم رہے اور یہیں انھوں نے رحلت فرمائی ۔ آپ کی وفات کے بارے میں خاصا اختلاف پایا جاتا ہے ۔ ۱۰۶۹ اور ۱۰۷۰ آپ کے سنین وفات بیان ہوئے ہیں ۔ اس اختلاف کے بارے میں محمد صالح کمبوہ کا بیان صحیح معلوم ہوتا ہے چنانچہ محمد صالح کے الفاظ یہ ہیں ۔

” نام فرجام روزگار ( ملا شاہ ) تابستان در کشمیر و زمستان در لاہور بسر بردہ در سال ہزار و ہفتاد ( ۱۰۷۰ ) سفر بالا اختیار نمود “ (۸۲) ۔

آپ کا انتقال لاہور میں ہوا تھا اور آپ کا مزار کوچہ سیداں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بازار نادر علی شاہ میاں مـــیر کالونی میں اب تک زیارت گاہ خواص و عوام ہے۔

آپ کی باقیات میں تین ضخیم جلدون کی شکل میں بانکی پور کے کتب خانہ میں محفوظ ہیں (۸۸)۔

ان تینوں جـــلدوں میں سے پہلی جلد " شاہ تفسیر " یا " تفسیر شاہ " کے عــنوان کے تحت درج ہے جو قرآن کی بہت سی سورتوں کی عربی زبان میں تفسیر پر مشتمل ہے (۸۹)۔ یہ تفسیری مواد ۱۰۵٦ میں تحریر ہوا اس مجموعہ میں درج ذیل عناوین شامل ہیں۔

۱) تفسیر سورہ الفاتحہ

۲) تفسیر سورہ البقرہ

۳) تفسیر سورہ یوسف

پہلی دونوں تفسیروں کی زبان عربی ہے جبکہ تفسیر سورہ یوسف فارسی زبان میں ہے (۹۰)۔ ریاض الشعراء میں ہے کہ شاہ جہان ان سے ملتا تھا اور ان کی گفتگو سے محـــظوظ ہوتا تھا ۔ شاہ جہان کا بیٹا دارا شکوہ اور بیٹی جہـــان آرا ان کے مرید تھے۔ بڑے عارف متقی اور پرہیزگار بزرگ تھے۔ حقائق و معارف سے متعلق ان کی چند تصانیف کا ذکر بھی ملتا ہے۔

انہوں نے قرآن کـــریم کی ایک تفسیر لکھی جو مکمل نہ ہو سکی اور وہ تفسیر عجیب و غریب ہے اس تفسیر میں تصوف کے نئے نئے نکات بیان ہوئے ہیں چنانچہ اس میں انہوں نے یہ کہا ہے کہ اللہ تعالی کا قول . . . " ختم اللہ علی قلوبہم و علی سمعھم " (۹۱) . . . . . . . اولیا اللہ کے بارے میں ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ اولیأ کے دلـــوں پر مہر لگا دی ہے۔ تاکہ اس میں شیطانـــی خیـــالات اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نفسانی وسوسے داخل نہ ہوں ۔

اس صوفیانہ رنگ کی تفسیر کی اتنی ہی عبارت نزہۃ الخواطر ص ۱۶۴ جلد ۵ میں ملتی ہے ۔ اگر یہ تفسیر کسی اور جگہ مل جاتی تو اندازہ ہوتا کہ مزید کون کون سی انوکھی اور نئی باتیں پیش کی گئی ہیں ۔ اس آیت کی یہ تفسیر محض انکے یہاں ملتی ہے ۔ کسی اور مفسر نے یہ تفسیری نکات نہیں بیان کئے اور نہ ہی اس قسم کی توجیہ کی ہے ۔ اگر یہ تفسیر مکمل ہو گئی ہوتی تو واقعی عجیب و غریب ہوتی ۔ بہت سے نئے انداز بیان اور طرز فکر سامنے آتے ۔ ۱۰۷۲ ھ (۹۲) میں ان کا انتقال ہوا اور تفسیر مکمل نہ ہو سکی ۔

کتب متداولہ میں انکی مذکورہ تفسیر کے بارے میں اس سے زیادہ معلومات میسر نہیں آ سکیں ۔

## حوالہ جات


۱ ۔ لسان العرب ج ۵ ۔ ص ۵۵
۲ ۔ مقدمہ تفسیر حقانی ص ۱۱۱
۳ ۔ تاریخ ادبیات پاکستان و ہند ج ۲ ۔ ص ۱۲۲
۴ ۔ تذکرہ علمائے ہند ص ۲۳
۵ ۔ زبید احمد ص ۳۵
۶ ۔ فہرست کتب خانہ برلن شمارہ ۸۷۶
۷ ۔ تذکرہ علمائے ہند ص ۱۳۸
۸ ۔ ہندوستانی مفسرین اور ان کی عربی تفاسیر ص ۱۸
۹ ۔ بروکلمان ج ۲ ۔ ص ۲۲۰ ذیل ج ۲ ۔ ص ۔ ۲۲
۱۰ ۔ زبید احمد ۔ حاشیہ ص ۲۷۰
۱۱ ۔ معجم المولفین ج ۲ ۔ ص ۲۳۵
۱۲ ۔ نزہۃ الخواطر ج ۳ ۔ ص ۲۲۳
۱۳ اخبار الاخیار ص ۲۰۳


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com




۱۴ ـ تذکرہ علمائے ہند ص ۱۳۸

۱۵ ـ نزهة الخواطر ج ۴ ـ ص ۲۲۴

۱۶ ـ نزهة الخواطر ج ۴ ـ ص ۲۲۳

۱۷ ـ اخبار الاخیار ص ۲۰۳ ـ ۲۰۶

۱۸ ـ ہندوستانی مفسرین اور ان کی تفاسیر ص ۴۳

۱۹ ـ معارج الولایة ج ۲ ـ ص ۲۸۷ ـ بحوالہ ہندوستانی مفسرین ص ۴۳ ـ ۴۹

۲۰ ـ اخبار الاخیار ـ ص ۲۰۲

۲۱ ـ ملفوظات عزیزیہ ص ۹۷ ـ بحوالہ ہندوستانی مفسرین ص ۴۳

۲۲ ـ ہندوستان میں مسلمانوں کا نظام تعلیم و تربیت ج ۲ ـ ص ۳۰۹

۲۳ ـ منتخب التواریخ ج ۳ ـ ص ۵۳

۲۴ ـ نقوش لاہور نمبر ۴۶۲

۲۵ ـ نزهة الخواطر ج ۳ ـ ص ۱۲۴

۲۶ ـ منتخب التوارایخ ج ۳ ـ ص ۵۴

۲۷ ـ نزهة الخواطر ج ۳ ـ ص ۱۲۴

۲۸ ـ الثقافة الاسلامیه فی الهند ص ۱۵۹

۲۹ ـ الاعلام ج ۵ ـ ص ۳۷۵

۳۰ ـ مآثر ص ۱۹۹

۳۱ ـ منتخب التوارایخ ج ۳ ـ ص ۲۹۹

۳۲ ـ دربار اکبری ص ۳۳۰

۳۳ ـ شعرالعجم ج ۳ ـ ص ۵۲ ـ ۵۵

۳۴ ـ منتخب التوارایخ ج ۳ ـ ص ۳۹۲

۳۵ ـ شعر العجم ج ۳ ـ ص ۳۸

۳۶ ـ حیات عبدالحق ص ۳۵۲

۳۷ ـ نزهة الخواطر ج ـ ص

۳۸ ـ سواطع الا لہام ص ۲

۳۹ ـ زبدة المقامات ص ۱۳۲

۴۰ ـ نقوش لاہور نمبر ص ۴۶۰

۴۱ ـ ہندوستان میں مسلمانوں کا نظام تعلیم و تربیت ج ۲ ـ ص ۲۸۰

۴۲ ـ الاعلام ـ ج ۵ ص ۳۷۵

۴۳ ـ معجم المولفین ج ۸ ص ۸۶

۴۴ ـ اعلام ج ۹ ـ ص ۳۰۰

۴۵ ـ معجم المولفین ج ۱۳ ـ ص ۱۲۲ ـ ۱۲۳

۴۶ ـ منتخب التواریخ ص ۴۶۰ ـ ۴۶۱


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۴۷ ۔ رود کوثر ص ۲۴۵ ۔ ۲۵۲
۴۸ ۔ نزهة الخواطر ج ۵ ۔ ص ۴۲۵ ۔ ۴۲۷
۴۹ ۔ تذکرہ علمائے هند ترجمه ایوب قادری ص ۵۳۲
۵۰ ۔ کیلیانوالہ ضلع گوجرانوالہ میں ایک قصبه هے جس میں هائی سکول وغیرہ موجود هے یه اهل علم کا مرکز رها هے اسی قصبه کے ایک کاتب ابو عبداللہ محمد امام الدین گذرے هیں انهوں نے قرآن حکیم میں لکھی جانے والی بسمله کو ۱۱۴ انداز سے لکھا هے قرآن حکیم کا یه مطبوعه نسخه ادارہ تحقیقات اسلامی کے دارالنوادر میں محفوظ هے جسکی کتابت ۱۳۲۰ ۔ ۱۹۰۳ میں مکمل هوئی تھی ۔
۵۱ ۔ بروکلمان ذیل ج ۱ ۔ ص ۵۳۴
۵۲ ۔ فهرست مخطوطات عربی انڈیا آفس لائبریری شمارہ نمبر ۱۱۱۹
۵۳ ۔ مخطوطه شرح البردہ ورق ۱۲۰ لباب معارف العلمیه مسلسل شمارہ نمبر ۱۱۲۱
۵۴ ۔ اورینٹل کالج میگزین ۱۹۷۴ شمارہ خصوصی صد ساله تقریبات ص ۱۹۱ ۔ ۲۰۰
۵۵ ۔ تاریخ ادبیات پاکستان و هند ج ۲ ۔ ص ۲۹۲
۵۶ ۔ نزهة الخواطر ج ۵ ۔ ص ۷۰
۵۷ ۔ مآثر الکرام ص ۲۳۶
۵۸ ۔ هندوستانی مفسرین اور ان کی عربی تفسیریں ۔ ص ۱۸۳
۵۹ ۔ سورہ البقرہ آیة ۱۷۷
۶۰ ۔ طبقات اکبری ج ۲ ۔ ص ۴۶۹
۶۱ ۔ مآثر الکرام ص ۳۳۵
۶۲ ۔ Punjab under the Sultans P. 10
۶۳ ۔ حدائق الحنفیه ص ۴۱۳
۶۴ ۔ مقاله برائے ڈاکٹریٹ جناب ڈاکٹر امین اللہ و ثیر ص ۳۹
۶۵ ۔ تذکرہ علمائے هند ص ۱۱۰ ۔ ۱۱۱
۶۶ ۔ مآثر الکرام ص ۲۱۵
۶۷ ۔ زبید احمد ص ۳۳۰ اور ۳۷۰
۶۸ ۔ بروکلمان ذیل ج ۲ ۔ ص ۶۱۴
۶۹ ۔ سبحة المرجان فی آثار هندوستان ص ٦٦
۷۰ ۔ سورة البقرہ آیت ۳۰
۷۱ ۔ سنن دارمی ص ۳۳۲
۷۲ ۔ خلاصه الاثر ج ۲ ۔ ص ۳۱۸
۷۳ ۔ حاشیه البیضاوی ( سیالکوٹی ) ص ۲
۷۴ ۔ خلاصه الاثر ج ۲ ۔ ص ۳۱۸
۷۵ ۔ حاشیه البیضاوی ( سیالکوٹی ) ص ۹

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



٧٦ ـ کشف الظنون ج ۳ ـ ص ۲۲۵
٧٧ ـ ڈاکٹر امین اللہ وثیر ص ۹۰ ( مقالہ برائے ڈاکٹریٹ )
٧٨ ـ حاشیہ البیضاوی ( سیالکوٹی ) ص ۲
٧٩ ـ حاشیہ البیضاوی ( سیالکوٹی ) ص ۱۲
۸۰ ـ حاشیہ البیضاوی ( سیالکوٹی ) ص ۳
۸۱ ـ نقوش لاہور نمبر ص ۵۱٦
۸۲ ـ نقوش لاہور نمبر ص ۵۱٧
۸۳ ـ الثقافة الاسلامیة فی الهند ص ۱۵۸
۸۴ ـ بادشاہ نامہ ج ۲ ـ ص ۲۳۳ ( طبع کلکتہ )
۸۵ ـ عمل صالح ج ۳ ـ ص ۳٧۰ ـ ۳٧۱
۸٦ ـ " ارکسا " کی بدخشی نے اس طرح وضاحت کی ہے " ملک من از ملکہا ملک بدخشاں آمد ـ از بلاد از روستان از قراء از ارکسا " ـ
۸٧ ـ عمل صالح ج ۳ ـ ص ۳٧۰
۸۸ ـ فہرست عربی مخطوطات بانکی پور ج ۳ ـ ص ۱۱۲ ـ ۱۱٦
۸۹ ـ تاثیر معنوی ایران در پاکستان ص ۳۳ ـ ۳۴
۹۰ ـ اورینٹل کالج میگزین اگست ۱۹۳٧ ء
۹۱ ـ سورة البقرہ آیت ٧
۹۲ ـ نزهة الخواطر ج ۵ ص ۱٦۴

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com